تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | بدھ 17 جون 2026، یکم محرم الحرام 1448ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 277

محرم الحرام میں تمام افسران فیلڈ میں متحرک رہیں: مریم نواز شریف

محرم الحرام انتظامات، وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کمشنرز، آر پی اوز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو خود فیلڈ میں جانے کا حکم، عوام سے پنجاب میں امن وامان قائم کرنے کی اپیل

روٹس کو تعمیراتی میٹریل سمیت دیگر رکاوٹوں سے پاک کر کے کلیئر کیا جائے، روٹس پر کھلے مین ہولز اور سیوریج وغیرہ کو آج ہی کور کیا جائے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا اعلیٰ سطح اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محرم الحرام کی مجالس اور جلوسوں میں کمشنرز، آر پی اوز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز اور اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام افسروں کو خود فیلڈ میں جانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں بہترین انتظامات کا حکم دیا اور عوام سے پنجاب میں امن وامان قائم کرنے کی اپیل کی اور انتظامیہ کو جلوس کے راستوں میں ٹھنڈے پانی کی سبیلیں لگانے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام محکموں کو عیدالاضحیٰ پر بہترین کام کرنے اور تمام ڈیپارٹمنٹس کے مثالی اشتراک کار پر خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے وزراء کی (بقیہ نمبر 37)

شیری رحمن کا محصولات کے نام پر لیویز بڑھانے کی بجائے صوبوں کے مالی حقوق کا تحفظ کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ محصولات کے نام پر لیویز (بقیہ نمبر 6)

صدر زرداری کا پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مردان کے قریب پاک فضائیہ کے (بقیہ نمبر 5)

سید یوسف رضا گیلانی کا پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مردان کے قریب پاک فضائیہ کے (بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں بنیادی آزادیوں کے فروغ اور جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے پرعزم ہیں، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ حکومت (بقیہ نمبر 3)

مسلم لیگ والوں کو بھی بجٹ والے دن پتہ چلا ہوگا کہ بجٹ کیا ہے، ایمل ولی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی خان کا نے کہا ہے کہ یہ بجٹ پاکستان (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں۔

نئی نسل کو صحت مند، پاکیزہ اور معطر ہوائیں دینا چاہتے ہیں، مریم نواز

ہوا کی قابل تجدید قوت سے بجلی کی پیداوار کے امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہواؤں کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ہواؤں کے عالمی دن پر توانائی کے نئے غیر روایتی ذرائع دریافت کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ ونڈ انرجی توانائی کے حصول کے لئے مستقل کا اثاثہ بن (بقیہ نمبر 7)

حنیف عباسی سے روسی ٹریڈ قونصلر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے روسی ٹریڈ (بقیہ نمبر 8)

پنجاب میں پہلی بار 4700 امام بارگاہوں میں فوری سکیورٹی کیلئے کیو آر کوڈ پینک بٹن انسٹال

منتظمین مجالس فوری طور پر کیو آر کوڈ ڈاؤن لوڈ کریں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اپیل

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت محرم الحرام کے انتظامات، سکیورٹی اور دیگر امور پر اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں پہلی بار 4700 امام بارگاہوں پر کیو آر کوڈ پینک بٹن انسٹال کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپیل کی ہے کہ منتظمین مجالس فوری طور پر کیو آر کوڈ ڈاؤن لوڈ کریں۔ کیو آر کوڈ سکین کرتے ہی متعلقہ سکیورٹی اور انتظامی (بقیہ نمبر 9)

اسحاق ڈار سے جاپان کے وزیر خارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ

امریکا ایران مفاہمت میں پاکستان کے کردار کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے جاپان کے وزیر خارجہ توشیمیتسو موتیگی نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماں نے امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والی افہام وتفہیم کا خیر مقدم کیا اور علاقائی استحکام اور وسیع تر عالمی برادری کے لیے اس کی اہمیت کا اعتراف کیا۔ جاپان کے (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: روس کے تجارتی مشیر نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے وزارت ریلوے میں ملاقات کی جس میں ریلوے کے شعبے میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پاکستان ایران امریکا امن معاہدے کی تقریب کی میزبانی کریگا، وزیر اعظم

، دنیا نے دیکھا امن کی کاوش کو عظیم فتح نصیب ہوئی اور جنگ کے شعلے ٹھنڈے ہونا شروع ہو گئے، مورخ ہمیشہ سنہرے حروف میں پاکستان کا نام لیتا رہے گا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ذکر کیے بغیر میری تقریر نامکمل رہے گی

جنگ کے شعلے بجھانے اور قیام امن کے لیے فیلڈ مارشل نے دن رات وقف کر دیے، وہ اس عرصے میں راتوں کو بھی جاگے اور دن کو بھی، امن معاہدے کے نتیجے میں عالمی معاشی استحکام کے ثمرات ہر پاکستانی تک پہنچائیں گے، شہباز شریف کا قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جمعے کو جنیوا میں ایران امریکا معاہدے کی تقریب کی میزبانی پاکستان کریگا، دنیا نے امن کا تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے، جنگ کی تاریک رات کے بعد امن کا سورج طلوع ہو گیا، ایران اور امریکا کی جانب سے تمام محاذوں پر فوجی کارروائی کے فوری اور مستقل خاتمے پر پاکستانی قوم سمیت پوری عالمی برادری کو اس کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں، دنیا نے دیکھا امن کی کاوش کو عظیم فتح نصیب ہوئی اور جنگ کے شعلے ٹھنڈے ہونا شروع ہو گئے، مورخ ہمیشہ سنہرے حروف میں پاکستان کا (بقیہ نمبر 13)

لاہور: پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی مقامی ہوگی میں عاقب جاوید، مائیک بیسن اور سینئر پی سی بی حکام کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

امریکہ ایران مذاکرات پاکستان کی تاریخی سفارتی کامیابی ہے، ایاز صادق

وزیر اعظم، فیلڈ مارشل سمیت دیگر سیاسی قیادت نے بے مثال سفارتکاری کا مظاہرہ کیا، قوم کاوشوں پر شکر گزار ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایران اور امریکہ کے درمیان طویل عرصے سے جاری سفارتی ڈیڈ لاک کے خاتمے کو پاکستان کی ایک تاریخی سفارتی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کئی سال سے جاری جمود کو توڑنے کا اعزاز پاکستان کے نصیب میں آیا ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس کے دوران سپیکر ایاز صادق نے امریکہ، ایران معاہدے پر ایوان اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس تاریخی (بقیہ نمبر 14)

امن معاہدہ سفارتکاری اور علاقائی استحکام کی بڑی فتح ہے، طارق فضل چوہدری

کشیدگی کے پرامن حل کے لئے مسلسل جدوجہد پر پاکستان کو بھرپور کریڈٹ ملنا چاہیے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے امریکا ایران امن معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ امن معاہدہ سفارتکاری اور علاقائی استحکام کی ایک بڑی فتح ہے، کشیدگی کے پرامن حل کے لئے مسلسل جدوجہد پر پاکستان کو (بقیہ نمبر 12)

پنجاب بار کونسل کا ڈگری ویری فکیشن فیس ختم کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے یکم جولائی 2026 سے ڈگری ویری فکیشن فیس ختم کرنے کا اعلان کر دیا جبکہ وفات پا (بقیہ نمبر 11)

نومئی کیس، اعجاز چوہدری سمیت دیگر ملزمان نے اپنا آخری بیان صفائی قلمبند کرا دیا

مزید کارروائی آج تک ملتوی، شاہ محمود قریشی اور ڈاکٹر یاسمین راشد کا بیان صفائی آج ریکارڈ ہوگا

لاہور (این این آئی) نومئی کے مقدمات میں گرفتار تحریک انصاف کے سینئر رہنما اعجاز چوہدری سمیت دیگر ملزمان نے مغلپورہ میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمہ میں اپنا آخری بیان صفائی قلمبند کرا دیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے ایڈمن جج منظر علی گل نے کوٹ لکھپت جیل میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمے کی سماعت کی۔ سماعت میں پی ٹی آئی رہنماؤں سمیت دیگر ملزمان کے آخری بیان صفائی قلمبند کئے گئے، اعجاز چوہدری نے اپنی صفائی (بقیہ نمبر 15)

بینظیر موبائل سم کے حصول کی تاریخ میں 30 جون تک توسیع

لاہور (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے خواتین بینفشریز کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بینظیر موبائل سم کے حصول کی تاریخ میں توسیع کر دی گئی۔ حکام کے مطابق اب مستحق خواتین 30 جون 2026ء تک اپنے قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی موبائل سم (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان اور صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمن دیگر کے ہمراہ لاہور، ساہیوال اور پنڈی ڈویژنز کی بار ایسوسی ایشنز میں فنڈز کی تقسیم بارے منعقدہ اجلاس میں موجود ہیں۔

چین کا آبنائے ہرمز کو فوری طور پر دوبارہ کھولنے کا مطالبہ

فریقین تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری اور مذاکرات کا راستہ اختیار کریں، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین نے آبنائے ہرمز کو فوری طور پر دوبارہ کھولنے کا مطالبہ کرتے ہوئے امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والی ابتدائی مفاہمتی پیش رفت کا خیر مقدم اور اس عمل میں پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لن جیان نے میڈیا بریفنگ کے دوران کہا کہ آبنائے ہرمز بین الاقوامی بحری آمدورفت کے لیے انتہائی اہم گزرگاہ ہے اور چین امید کرتا ہے کہ اسے جلد از جلد (بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا ایران، امریکہ امن معاہدے کا خیر مقدم

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کو خراج تحسین، پاکستان کی ثالثی پر قوم کو فخر ہے، صدر استحکام پاکستان پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے تاریخی امن معاہدے کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے اسے علاقائی اور عالمی ہم آہنگی کو یقینی بنانے کی جانب سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اس امر پر زور دیا کہ یہ بڑی کامیابی صرف علاقائی بہتری تک محدود نہیں بلکہ بین الاقوامی امن اور استحکام کی جانب انتہائی اہم پیش رفت ہے۔ عبدالعلیم خان نے (بقیہ نمبر 17)

گندم کی مارکیٹ قیمت کے تعین، خریداری کیلئے نیا نظام متعارف

نئے نظام کے تحت مارکیٹ میں گندم کی اوسط قیمت کو بنیاد بنا کر خریداری کی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گندم کی مارکیٹ قیمت کے تعین اور خریداری کے لیے ایک نیا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے جس کا مقصد اوپن مارکیٹ میں سرکاری چھاپوں اور پکڑ دھکڑ کے عمل کو ختم کرنا ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق نئے نظام کے تحت ایگریگیٹرز اور الیکٹرانک ویئر ہاؤس ریسیپٹ سسٹم کو بھی شامل کرنے پر غور جاری ہے۔ محکمہ خوراک کے مطابق نئے نظام کے تحت مارکیٹ میں گندم کی اوسط قیمت کو بنیاد بنا کر خریداری کی جائے گی۔ اس (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں 35 ہزار اساتذہ کی انگلش پروفیشنسی ٹریننگ ملتوی

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر سے 35 ہزار اساتذہ کے لیے مجوزہ انگلش پروفیشنسی ٹریننگ پروگرام کو ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس پروگرام کے تحت اساتذہ کی استعداد کار جانچنے کے لیے گوگل فارم کے ذریعے آن لائن ٹیسٹ لیا جانا تھا، تاہم مجوزہ طریقہ کار پر اساتذہ تنظیموں نے شدید تحفظات اور تشویش کا (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر کا ننکانہ صاحب میں صفائی اور بیوٹیفکیشن منصوبوں کا جائزہ، شہریوں کا اظہار اطمینان

سانگلہ ہل (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے بیوٹیفکیشن کے جاری منصوبوں اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ننکانہ سٹی کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب سمیت دیگر اقدامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے صفائی ٹیموں کی کارکردگی بارے بھی دریافت (بقیہ نمبر 30)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ پبلک مقامات وعمارتوں میں خواتین ٹوائلٹس کے قیام کے لئے محکمہ وویمن ڈویلپمنٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سروسز ہسپتال لاہور میں پریزن بلاک کا افتتاح کر رہے ہیں۔

فیلڈ مارشل نے ایک سال میں دو جنگیں جیت لیں، خواجہ آصف

انشاءاللہ یہ قیادت معاشی محاذ اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سرخ رو ہوگی، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایک سال میں دو جنگیں جیت لیں۔ اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ فیلڈ مارشل بھارت کے خلاف فاتح سپہ سالار اور امن کے محاذ پہ کمال صبر و تحمل سے فاتح سفارتکار رہے، دونوں محاذوں پہ سرخ رو۔ وزیر دفاع نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اللہ ان فتوحات کا سلسلہ جاری وساری رکھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ توازن اور ملکی مفاد میں

پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق بجٹ اجلاس بروز منگل 16 جون دوپہر 2 بجے شروع ہوگا۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیا جائے گا جبکہ بجٹ تقریر وزیر برائے (بقیہ نمبر 22)

9 سالہ ہانیہ کے جاں بحق ہونے کا واقعہ ہائی پروفائل قرار، ریکارڈ طلب

کیس کی تمام پہلوؤں سے جامع جانچ، تفتیشی ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا جائیگا، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

لاہور (این این آئی) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے مبینہ سی سی ڈی اہلکاروں کی فائرنگ سے 9 سالہ بچی ہانیہ کے جاں بحق ہونے کے واقعے کو ہائی پروفائل کیس قرار دیتے ہوئے چکوال واقعے کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ کیس کی تمام پہلوؤں سے جامع جانچ کی جائے گی اور تفتیشی ریکارڈ کا (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کو موٹروے پولیس نے ہیڈ کوارٹرز کے دورے پر گارڈ آف آنر دیا۔

پشاور، یکم محرم الحرام، حکومت نے عام تعطیل کا اعلان کر دیا، نوٹیفکیشن جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے یکم محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا ہے۔ اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ ایڈمنسٹریشن کے مطابق یکم محرم الحرام کی تعطیل مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے فیصلے کے مطابق ہوگی۔ حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے تحت صوبے میں سرکاری دفاتر اور دیگر متعلقہ (بقیہ نمبر 24)

لیسکو نے بجلی کے بلوں کی اقساط پر پابندی عائد کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے جون کے دوران ریکوری اہداف کے حصول کے لیے بجلی کے بلوں کی اقساط کی سہولت پر مکمل پابندی عائد کر دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمپنی کی جانب سے جاری ہدایات میں کرنٹ بلز اور بقایا جات دونوں کی صورت میں اقساط نہ کرنے کا حکم (بقیہ نمبر 25)

ہائیکورٹ نے چار بچوں کو والد کی تحویل سے لے کر والدہ کے حوالے کر دیا

بچے والدہ کے ساتھ جانے سے انکار، والد کے ساتھ جانے کیلئے چیخ و پکار کرتے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس میں چار بچوں کو والد کی تحویل سے لے کر والدہ کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا، بچے والدہ کے ساتھ جانے سے انکار اور والد کے ساتھ جانے کے لیے چیخ و پکار کرتے رہے جس سے انتہائی جذباتی مناظر دیکھنے میں آئے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد طارق ندیم نے سائلہ آسیہ بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار خاتون نے موقف اختیار کیا کہ وہ سات بچوں کی ماں ہیں جبکہ ان (بقیہ نمبر 26)

ایران امریکہ جنگ بندی بڑی کامیابی، حکومت پٹرول کی قیمت کم کرے، حافظ نعیم الرحمن

ایران سے آزادانہ تجارت، گیس پائپ لائن معاہدہ کی تکمیل یقینی بنائی جائے، حکومت ملک میں سیاسی بے چینی ختم، عوام کو سہولت دے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی اور معاہدے کو ایران کی بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس پیش رفت نے ثابت کر دیا کہ بڑی سے بڑی طاقت بھی کسی قوم کی استقامت اور مزاحمت کے سامنے اپنے عزائم مسلط نہیں کر سکتی۔ حکومت پٹرول کی قیمتوں میں فوری کمی کرے، ایران سے آزادانہ تجارت، پاک ایران گیس پائپ لائن معاہدہ (بقیہ نمبر 32)

لاہور کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان لاہور ایجوکیشن بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 537 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

پنجاب میں پہلی بار غیر مسلم طلبہ کے لیے الگ مذہبی نصاب منظور

مسیحی طلبہ کے لیے "مسیحی تعلیم"، جماعت اول سے نہم، گیارہویں جماعت تک پڑھائی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پہلی مرتبہ غیر مسلم طلبہ کے لیے علیحدہ مذہبی نصاب کی منظوری دے دی گئی ہے۔ پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک اتھارٹی نے تعلیمی سیشن 2026-27 سے نئی مذہبی درسی کتب کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مختلف اقلیتی برادریوں کے طلبہ کو ان کے مذہب کے مطابق تعلیم فراہم کرنے کے لیے الگ نصاب (بقیہ نمبر 21)

سرکاری میڈیکل یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کیلئے نیا اہلیت معیار منظور

لاہور (این این آئی) سرکاری میڈیکل یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کی تقرری کے لیے نیا اہلیت معیار مقرر کر دیا گیا ہے جس کے تحت عمر، تدریسی تجربے اور تعلیمی قابلیت سے متعلق نئی شرائط متعارف کرائی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 20)

لاہور صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھا روڑہ مقامی ہوئی میں حکومت پنجاب کے اشتراک سے انسانی حقوق کے نظم ونسق کو مضبوط بنانے" کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

محرم الحرام، مون سون کے پیش نظر واسا ہائی الرٹ، تمام افسران کی چھٹیاں منسوخ

عوامی خدمت میں کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا غیر ذمہ داری برداشت نہیں کی جائیگی، سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل

لاہور (این این آئی) محرم الحرام اور متوقع مون سون بارشوں کے پیش نظر پنجاب بھر میں واسا اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے شہریوں کو بلا تعطل سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام واسا افسران کی چھٹیاں منسوخ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق جاری کردہ ہدایات کے تحت نہ صرف نئی چھٹیوں پر پابندی عائد کی گئی ہے بلکہ تمام جاری چھٹیاں بھی فوری طور پر منسوخ (بقیہ نمبر 31)

امیر مقام سے ڈاکٹر مشتاق کی قیادت میں وفد کی ملاقات، کشمیر سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان وسفیران انجینئر امیر مقام سے آزاد جموں وکشمیر جماعت اسلامی کے امیر ڈاکٹر مشتاق کی قیادت میں ایک وفد نے پیر کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ یہاں جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 34)

پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منور انجم کی گاڑی کو موٹروے پر حادثہ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات اور بینظیر بھٹو شہید کے میڈیا ایڈوائزر (بقیہ نمبر 35)

منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کے سہولت کاروں کی درخواستِ ضمانت مسترد

سہولت کار سہیل الرحمان اور ذیشان رحمان انمول پنکی کی بلیک منی کو وائٹ کرتے ہیں، استغاثہ

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساتھ نے انمول عرف پنکی کیس میں سہولت کاروں کی درخواست ضمانت مسترد کر دی۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ تحقیقات کے مطابق درخواستگو ار ملزمہ انمول کے اہم سہولت کار ہیں۔ استغاثہ کے مطابق سہولت کار سہیل الرحمان اور ذیشان رحمان انمول پنکی کی بلیک منی کو وائٹ کرتے ہیں۔ پنکی کے اکاؤنٹ فریز ہونے کے بعد (بقیہ نمبر 33)

امریکہ ایران امن معاہدہ خطے میں امن، استحکام اور سفارت کاری کی کامیابی کی نوید ہے، ہمایوں خان

پاکستان قیام امن، عالمی تعاون کے فروغ، خطے میں استحکام کیلئے مستقبل میں بھی اپنا مثبت اور تعمیری کردار جاری رکھے گا، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) رہنماء پیپلز پارٹی محمد ہمایوں خان نے امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے امن معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، استحکام اور سفارت کاری کی کامیابی کی نوید قرار دیا ہے۔ جاری بیان میں محمد ہمایوں خان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 36)

اپنی شدید مخالف پی ٹی آئی کیساتھ کافی فاصلے مٹا چکا ہوں، مولانا فضل الرحمان

اگر حکومت اس وجہ سے ان کیمرہ اجلاس نہیں بلا رہی کہ پی ٹی آئی والے احتجاج کریں گے تو ان کی گارنٹی میں دیتا ہوں، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ میں اپنی شدید مخالف جماعت پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ کافی فاصلے مٹا چکا ہوں، اگر حکومت اس وجہ سے ان کیمرہ اجلاس نہیں بلا رہی کہ پی ٹی آئی والے احتجاج کریں گے تو ان کی گارنٹی میں دیتا ہوں، کشمیر کے مسئلے پر کشمیریوں کے مطالبات اور چارٹر آف ڈیمانڈ پر بات چیت ہو سکتی ہے، اس لیے تشدد کا راستہ اختیار (بقیہ نمبر 27)

وزیراعظم کی اپوزیشن کو دعوت

وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی کے بجٹ کے حوالے سے جاری اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے اپوزیشن کو ایک بار پھر میثاقِ جمہوریت اور معیشت کے لئے مذاکرات کی دعوت دے دی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان ہے تو سب ہیں، اِس کے لئے جو بھی قربانی دی جائے وہ کم ہے، ملک کو مستحکم کرنا اور چاروں صوبوں کی یکساں ترقی بطور وزیراعظم اُن کی ذمہ داری ہے، صوبوں کے لئے معاشی وسائل اُن کا حق ہے، نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ 100 فیصد بڑھا دیا ہے، یہ بلوچستان کے عوام پر کوئی احسان نہیں، تمام صوبوں نے اِس میں کردار ادا کیا، سب سے زیادہ حصہ پنجاب نے دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے کسانوں کو اربوں روپے کے سولر پینل دیئے گئے، ریکوڈک کا معاہدہ پڑھ لیں جس میں بلوچستان کے عوام کے شیئرز چھپا ہوا راز نہیں، یہ سب کے سامنے روشن مثال ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ گوادر سے چمن تک روڈ بن رہی ہے جو ہائی وے کے معیار کے مطابق ہے اور اُس شاہراہ کی تعمیر پر 300 ارب روپے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ مزید براں خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ہو رہی ہے، اِس جنگ میں سکیورٹی فورسز کے افسر اور جوان شہید ہو رہے ہیں، شہداء کی قربانیوں کا احترام سب کو کرنا چاہئے، اُن کا احترام نہیں کریں گے تو دنیا کیا سوچے گی، دہشت گردی کے خلاف غفلت برتی گئی تو قوم معاف نہیں کرے گی۔ شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ تمام معزز ممبران قابلِ احترام ہیں، ایوان میں چاروں صوبوں سے ممبران منتخب ہو کر آئے ہیں، سب کی اپنی اپنی سیاست، ویژن اور خیالات ہیں، اپوزیشن اراکین بھائی ہیں اُن سے کوئی لڑائی نہیں ہے، کئی بار کہا کہ آئیں میثاق معیشت اور میثاق جمہوریت کی طرف بڑھیں، آج بھی کہتے ہیں کہ دیر نہیں ہوئی، وہ قدم بڑھانے کو تیار ہیں، بیٹھنے کیلئے تیار ہیں لیکن آپ بھی آگے آئیں۔ شہباز شریف نے اپوزیشن رہنما محمود خان اچکزئی کی تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اُن کی تقریر کا مفصل جواب مناسب وقت اور موقع پر دیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ برابری اور انصاف کے بغیر تو گھر نہیں چلتا۔

اِس سے قبل قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا تھا کہ وہ شہباز شریف کو کہتے ہیں کہ غلطیوں کی اصلاح ہو سکتی ہے، آئیں بیٹھیں اور معاملات کو آگے بڑھائیں، اِس پارلیمنٹ کو مضبوط کرو، اسی میں ملک کا فائدہ ہے اور عوام کا بھی، ایسا ہو تو وہ شہباز شریف کی غیر مشروط حمایت کریں گے، آئیں ایک معاہدہ کریں تاکہ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کی ٹانگیں نہ کھینچیں، جو انتخابات جیتے گا وہ پانچ سال تک حکومت کرے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ اُنہوں نے اِس ایوان کی مضبوطی کے لئے ہر مظلوم کا ساتھ دیا، اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ وفاق تو صوبوں کو دیتا ہے لیکن آپ نے صوبوں سے پیسے لے لئے۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی پر اتنی سختی نہ کریں، یہ بری بات ہے، بانی سے کسی کی ملاقات ہو جائے تو کیا ہو گا؟ ایک دوسرے کو جیلوں میں ڈالنے سے کچھ نہیں ہو گا۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے سیاسی رابطوں اور اپوزیشن کے تحفظات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دِنوں اپوزیشن اراکین سے مطالبات اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوئی تھی جس کے بعد وعدے کے مطابق تمام معاملات اور مطالبات سے وزیراعظم کو آگاہ کر دیا گیا، شہباز شریف نے بھی مل بیٹھ کر معاملات آگے بڑھانے کی بات کی اور یہی جمہوری عمل آگے بڑھنے کا درست طریقہ ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا بھی کہنا تھا کہ سیاسی استحکام ہو گا تو معاشی استحکام آئے گا۔

یہ درست ہے کہ معاشی بہتری سیاسی استحکام سے جُڑی ہے، اس بات کی سب تائید کرتے ہیں، مانتے ہیں، اس کا اظہار بھی کرتے ہیں لیکن پھر بھی مل بیٹھ کر بات چیت کے ذریعے مسائل کا حل نکالنے سے قاصر ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا صحیح ہے کہ اُنہوں میثاقِ معیشت کی دعوت اُس وقت دی تھی جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی اور وہ خود اپوزیشن لیڈر تھے، اُس کے بعد بھی اپوزیشن خصوصاً پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت دی گئی، دو، چار ملاقاتیں بھی ہوئیں لیکن کوئی مستقل حل نہیں نکل سکا۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ماضی میں ہونے والی بیشتر ملاقاتیں اور مذاکرات کسی مخصوص مقصد یا فوری ضرورت کے تحت ہوئے، لیکن جیسے ہی وہ مقصد پورا ہوا، سیاسی فضاء دوبارہ کشیدگی کا شکار ہو گئی۔ گزشتہ سال محمود خان اچکزئی کی قیادت میں قائم اپوزیشن اتحاد "تحریک تحفظِ آئین پاکستان" نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کے لئے ایک جامع ایجنڈا پیش کیا تھا۔ قابل ذکر بات یہ تھی کہ اس ایجنڈے میں کسی ایک شخصیت یا جماعت کے مفادات کے بجائے اُن قومی سیاسی مسائل کو شامل کیا گیا تھا جو ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام اور محاذ آرائی کی بنیادی وجوہات ہیں۔ اس ایجنڈے پر نہ سنجیدہ پیشرفت ہو سکی اور نہ ہی اس حوالے سے سیاسی عمل آگے بڑھایا گیا، نتیجتاً دونوں جانب خاموشی چھا گئی اور مسائل جوں کے توں برقرار رہے۔ وزیراعظم کی جانب سے ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ملک کو سیاسی استحکام، قومی ہم آہنگی اور جمہوری مکالمے کی اشد ضرورت ہے

۔ اپوزیشن کو چاہئے کہ وہ اس پر سنجیدگی سے غور کرے اور بغیر کسی پیشگی شرط کے بات چیت کا حصہ بنے، مسائل کا حل محاذ آرائی میں نہیں بلکہ مکالمے میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ جب مذاکرات کا عمل شروع ہو گا تو قومی اہمیت کے حامل معاملات پر اتفاقِ رائے پیدا کرنے اور مرحلہ وار حل نکالنے کی راہیں بھی ہموار ہوں گی۔ اسی طرح حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ مذاکرات کو محض ایک سیاسی بیان تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات کرے۔ وزیراعظم کو چاہئے کہ اپوزیشن کے ساتھ بامقصد اور نتیجہ خیز مذاکرات کے لئے ایک بااختیار کمیٹی تشکیل دیں جو تمام متعلقہ سیاسی قوتوں سے رابطہ کر کے اُن مسائل کی نشاندہی کرے جو قومی مفاد، جمہوری استحکام اور آئینی بالادستی سے تعلق رکھتے ہیں۔ پاکستان کے موجودہ سیاسی اور معاشی حالات اِس امر کے متقاضی ہیں کہ تمام سیاسی قوتیں اختلافات کے باوجود مکالمے کا راستہ اختیار کریں، کیونکہ پائیدار استحکام کا راستہ تصادم سے نہیں بلکہ بات چیت سے نکلتا ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

چین ہی چین ہے؟

راو منظر حیات

سوشل میڈیا کا سب سے بڑا مسئلہ ہے کہ بغیر کسی ثبوت کے کچھ بھی کہا جا سکتا ہے۔ اصل سچ تو یہ ہے کہ جو انسان' جتنی بے پر کی افواہ سازی کر سکتا ہے، اتنا ہی مقبول معلوم پڑتا ہے۔ سب کچھ اب اتنے دھڑلے سے کیا جاتا ہے' کہ سننے اور دیکھنے والا' صرف لہجے کے اعتماد پر ہی ذہنی خاکہ بنا لیتا ہے۔

یوٹیوب پر جو موصوف' بغیر شواہد کے ہوا میں تیر چلا رہے ہوتے ہیں، نوبت ہی نہیں آنے دیتے کہ جو فرما رہے ہیں، اس کی صداقت کی بابت معروضات پیش کی جا سکیں۔ اول تو دل ہی نہیں چاہتا کہ سوال پوچھا جائے۔ اگر یہ جسارت کر لیں' تو برگزیدہ یوٹیوبر' فوراً سوال کو کسی سیاسی مخالفت کے سانچے میں فٹ کر کے' تبروں پر آ جائے گا۔ یہ عام سی بات ہے جو ہر سوچنے والے انسان کے ذہن میں موجود ہے۔

ہاں! ایک اور بات' یوٹیوب پر' اپنی گفتگو کا اشتہار اتنا سنسنی خیز بنایا جاتا ہے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی انسان دیکھنے کی زحمت کر لیتا ہے۔ پھر معلوم پڑتا ہے کہ گفتگو میں کوئی ربط نہیں ہے۔ ویسے سنجیدہ لوگ بھی ہیں جو ٹھوس دلائل کے ساتھ' حقیقت پر مبنی تحقیقی گفتگو کرتے ہیں مگر یہ پڑھے لکھے لوگ' اتنی پذیرائی حاصل نہیں کر سکتے جو بے پر کی اڑانے والے حاصل کرتے رہتے ہیں۔

پہلی بات تو یہ' کہ ہر واقعہ یا قصہ' خبر نہیں ہوتا، اس پر بات کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔ مگر یہاں تو عالم یہ ہے کہ شاہی قلعے کی دیواروں میں چنی ہوئی اینٹوں کی تعداد کی بابت' جاہلانہ گفتگو سامنے آ جاتی ہے۔ آج بھی' وہ تمام لوگ جو کسی بھی جریدے میں قلم مزدوری کرتے ہیں، ان کا رویہ کافی حد تک ذمے دارانہ ہوتا ہے۔ لکھی ہوئی تحریر قدرے سنجیدہ ہوتی ہے۔ وثوق سے یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ پرنٹ میڈیا میں لکھنے والے سب کچھ درست لکھتے ہیں، اس میں بھی سیاسی دھڑے بازی موجود ہے، واقعات کو اپنی سوچ کا تڑکا لگا کر پیش کرنے کا رجحان بھی ہے۔ مگر پھر بھی' احساس ذمے داری پرنٹ میڈیا میں اب تک موجود ہے۔

عام بات کی جاتی ہے کہ لوگ اب اخبار پڑھتے نہیں ہیں، کتاب کے نزدیک تک نہیں جاتے، اس بات میں صداقت نہیں ہے۔ اخبار اور اس کا اداریہ آج بھی ان گنت لوگ پڑھتے ہیں۔ کتابیں بھی بھرپور طریقے سے پڑھی جاتی ہیں۔ اب اس نکتہ پر آتا ہوں جس کی دھوم مچی ہوئی ہے۔

سوشل میڈیا پر تبصرے در تبصرے ہو رہے ہیں۔ چند جید کالم نویس بھی' اس سے مرعوب نظر آتے ہیں، اور وہ ہے بجٹ کے بعد' مرکزی حکومت کی تبدیلی' اس کے بعد قومی حکومت اور پھر معاشی استحکام کی طرف سفر۔ ستم تو یہ بھی ہے کہ یوٹیوب پر اب تو مہینے اور دن تک بتائے جا چکے ہیں کہ بس اس دن تک' اس حکومت کا خاتمہ بالاخیر ہو جائے گا؟ معلوم نہیں، اتنے وثوق سے یہ دعویٰ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ مگر ایک چیز تو خدا نے ہمیں عطا فرمائی ہے کہ ہم زمینی حقائق کو ٹھوس طریقے سے دیکھ یا پرکھ لیں۔ قدرت نے تجزیہ اور سوچنے کی استطاعت تو بہرحال ہر ذی شعور کو دی ہے۔

آنکھیں بند کر کے سوچیے! ہمارے ملک میں وزیراعظم کب در بدر ہوتے ہیں؟ سادہ سا راز ہے۔ کوئی بھی وزیراعظم یا صدر' جب مقتدرہ کے بتائے ہوئے راستے سے اختلاف کرتا ہے یا معمولی من مانی کرتا ہے تو پھر ایسا ماحول پیدا کر دیا جاتا ہے کہ وہ شخص مسند شاہی سے گر جاتا ہے۔ معاشی بربادی' سیاسی عدم استحکام یا پھر کرپشن' ان عوامل پر کسی بھی حکومت کو آج تک نہیں نکالا گیا۔ ہاں' زیب داستان کے لیے' جواز تقریباً ایسا ہی دیا جاتا ہے۔ یقین فرمائیے، امور سلطنت میں صرف ایک تلخ سچ ہے کہ انسانی حقوق کی پامالی' بدامنی، دہشت گردی کا عذاب، ان میں سے کوئی جزو بھی حکومت بدلنے کی وجہ نہیں بنتا۔ اچھا یا برا ہے، اس بحث میں بالکل نہیں جانا چاہتا، کیونکہ ان دونوں لفظوں کی کوئی معنویت ہے ہی نہیں۔ آج کا اچھا' کل کا سب سے بگڑا ہوا ہو سکتا ہے۔

موجودہ صورت حال پر غور فرمائیے۔ روز بتایا جاتا ہے کہ مہنگائی سے عام آدمی کی کمر ٹوٹ گئی ہے، یہ بالکل سچ ہے کہ عام پاکستانی کی قوت خرید بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ ٹھہریے! ذرا غور فرمائیے، ظفر اللہ جمالی اور شوکت عزیز دونوں وزراء اعظم کے ادوار میں تو مہنگائی برائے نام تھی۔ بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ صنعتی ترقی اور خوشحالی کا دور تھا۔ پھر دونوں کی بلی کیوں چڑھائی گئی؟ شوکت عزیز تو متعدد معاشی بے قاعدگیوں میں مبینہ طور پر شریک تھے۔

توشہ خانہ سے فایدہ اٹھایا۔ مگر مسند شاہی سے صرف ہٹایا گیا۔ کیونکہ ان سے بالادستوں کو کوئی خطرہ نہیں تھا، وہ اس قابل ہی نہیں تھے کہ کسی قسم کی بے چینی پیدا کر سکتے۔ لہٰذا ان کی بے قاعدگیوں پر بھی خفگی کا اظہار نہیں کیا گیا۔ یقیناً یہی احساس دلایا گیا ہو گا کہ ثبوت موجود ہیں۔ دونوں حضرات خاموشی سے رخصت ہو گئے، یہ تمہید اس لیے باندھی ہے کہ

مرغی کا جو بجٹ ہے، وہی دال کا بجٹ!

تنویر قیصر شاہد

مہنگائی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ طنزیہ شاعری کرنے والے بھی کم پڑ گئے ہیں۔ جب روٹی کے لالے پڑے ہوں تو ذوقِ شگفتہ نگاری بھی مدہم پڑ جاتا ہے۔ مہنگی ترین بجلی، مہنگے ترین پٹرول و ڈیزل، مہنگی ترین گیس، مہنگے ترین سولر پینل اور بے روزگاری جب اپنی انتہاؤں کو پہنچ رہی ہو تو پھر سماج میں نہ کوئی سید ضمیر جعفری ایسا شگفتہ نگار شاعر پیدا ہوتا ہے نہ مشتاق یوسفی ایسا کوئی طناز نثر نگار۔ خنجر ایسی طنزیہ و مزاحیہ شاعری کرنے والے اکبر الٰہ آبادی کو تو بالکل بھُول ہی جایئے! دلشکن معاشی حالات کے باوجود، پھر بھی، کہیں کہیں مزاح کے لبادے میں چھپی طنزیہ شاعری دیکھنے اور پڑھنے کو مل ہی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر خالد عرفان صاحب کی برمحل شاعری۔ اُن کا ایک شعر یوں ہے: کیسا عجیب آیا ہے اِس سال کا بجٹ/ مرغی کا جو بجٹ ہے وہی دال کا بجٹ۔ مطلب یہ ہے کہ کمر توڑ مہنگائی نے خورونوش کی اشیا اتنی گراں کر دی ہیں کہ اب مرغی اور دال کے دام مساوی ہو گئے ہیں۔ دال پر گزارا کرنے والا غریب اب دال بھی کہاں سے اور کیسے خریدے؟

سالانہ بجٹ ہمیشہ کی طرح للکارتا اور پھنکارتا ہُوا آ چکا ہے۔ کوئی بھی بجٹ عوام کے لیے اطمینان اور خوشی کا سندیسہ لے کر نہیں آتا۔ شہباز حکومت کے وزیر خزانہ، محمد اورنگزیب، کا 2026ء کا پیش کردہ بجٹ بھی کسی غریب پاکستانی یا متوسط طبقات کے لیے خوشی اور ریلیف کی خبریں لے کر نہیں آیا۔ جناب شہباز شریف کی حکومت نے بطورِ وزیر اعظم اپنا پانچواں سالانہ بجٹ پیش کر دیا ہے۔ اور یہ تازہ بجٹ بھی گذشتہ بجٹوں کی طرح مایوسیاں اور پریشانیاں ہی لے کر آیا ہے۔

12 جون 2026ء کو قدرے تاخیر سے وزیر خزانہ، سینیٹر محمد اورنگزیب، نے بجٹ پیش کیا تو اپوزیشن (جن میں پی ٹی آئی کے ارکان زیادہ تھے) نے ایوان میں خوب فٹبل مچایا، مگر بجٹ تو پیش کر دیا گیا۔ وزیر خزانہ بیچارے کے خلاف ہوٹنگ بے معنی تھی۔ موصوف پچھلے تین برسوں کے دوران وہی بجٹ پیش کر رہے ہیں جو آئی ایم ایف کے ماہرین کے مشوروں کے مطابق تیار کا ی جاتا ہے۔ اگر دل جلی بات کی جائے تو کہا جائے گا کہ وزیر خزانہ تو عوام کے نمایندہ ہیں نہ ووٹ لے کر اِس عہدے پر متمکن ہُوئے ہیں، اس لیے اُنہیں عوام کے درد اور مصائب کا کیا اور خیال ہو سکتا ہے؟ اس لیے زمینی حقیقت یہ ہے کہ بنیادی طور پر وفاقی وزیر خزانہ صاحب سے عوام کا شکوہ اور گلہ بنتا ہی نہیں ہے۔ عوام کا غصہ اور شکوہ تو شہباز حکومت پر ہے۔

ہر سال حکومت سالانہ بجٹ میں بھاری خسارے دکھاتی ہے۔ اِس بار بھی بجٹ میں اربوں کھربوں کا خسارہ دکھا دیا ہے۔ شائد اِنہی مبینہ خساروں کی گردان سُن کر تنگ آئے بزرگ طناز شاعر، انور مسعود صاحب، نے کہہ رکھا ہے: بجٹ مَیں نے دیکھے ہیں سارے ترے/ انوکھے انوکھے خسارے ترے!! بجٹ پیش کرتے ہُوئے ہر وزیر خزانہ ایسی جنّاتی زبان اور تخمیناتی اصطلاحات استعمال کرتے ہیں کہ اکثر بیچی عوام سمجھ ہی نہیں پاتی۔ بجٹ سمجھنے کی بجائے عوام مزید الجھاؤ اور پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ بجٹ اعداد و شمار کا پیچیدہ اور ناقابلِ فہم گورکھ دھندہ نظر آتا ہے۔

اکثر بیچی غریب عوام ان اعداد و شمار کو سمجھنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتی۔ بجٹ پر وزیر خزانہ کی طویل تقریر سُن کر بظاہر تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ حکومت ترقی کی راہ پر بگٹٹ بھاگ رہی ہے۔ عوام کو مگر اپنی زندگیوں میں ترقی اور خوشحالی کا احساس نہیں ہو رہا۔ شاعر ظفر کمالی نے شائد ٹھیک ہی کہا تھا: خسارے پر خسارے کا بجٹ تیار ہوتا ہے/ معیشت کی ترقی کا مگر پر چار ہوتا!

پاکستان کے عوامی اور باغی شاعر، حبیب جالب، نے برسوں قبل کہا تھا کہ "بجٹ کا اعلان دراصل غریب کے لیے جھٹکا ہوتا ہے۔" جن لوگوں نے سکھوں کو بکرے کا جھٹکا کرتے دیکھا ہے، وہ حبیب جالب مرحوم کے استعمال کردہ جھٹکے کی شدت اور وحشت کو محسوس کر سکتے ہیں۔ ایک زمانہ ہوتا تھا کہ بجٹ کی پیشکاری کے دن عوام ٹی وی کی اسکرینوں سے چپک جایا کرتے تھے، اِس اُمید کے ساتھ کہ حکومت عوام کے لیے کسی ریلیف کا اعلان کرے گی۔ مگر رفتہ رفتہ عوام نے جب یہ محسوس کیا کہ ہر حکمران بجٹ میں اپنے لیے اور اعلیٰ ترین سرکاری مراعات یافتہ اشرافیہ کے لیے نت نئی ریلیف، سبسڈی اور سہولتوں کے تحفظ کا اعلان تو کرتا ہے مگر بجٹ میں غریب کی دستگیری کے لیے کوئی اطمینان بخش اعلان نہیں ہوتا؛ چنانچہ اب ہم دیکھتے ہیں کہ بجٹ کی پیشکاری کے دن عوام کو وزیر خزانہ کی شکل و صورت دیکھنے سے کوئی دلچسپی ہوتی ہے نہ اُس کے الفاظ سُننے میں۔ اِس بار بھی ایسے ہی مناظر دیکھنے میں آئے ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ ہر حکمران نے عوام سے اتنے دغے اور وعدہ شکنیاں کی ہیں کہ اب مایوس ہو کر عوام نے کسی بھی حکمران اور سیاسی پارٹی سے کوئی مثبت توقع لگانا ہی ترک کر دی ہے۔ یہ خطرناک سماجی رجحان ہے۔

2026ء کے تازہ بجٹ نے وفاقی حکومت کی کارکردگی کا پول بھی کھول دیا ہے۔ واضح طور پر بجٹ اور اکنامک سروے میں یہ حقیقت سامنے آئی ہے کہ حکومت کے تین برسوں (پلس پچھلے دو برس) کے دوران ملک میں خاطر خواہ غیر ملکی سرمایہ کاری نہیں ہو سکی ہے۔ پروفیسر احسن اقبال کا "اُڑانِ پاکستان" پروگرام اُڑنے سے پہلے ہی بیٹھ چکا ہے اور بلند بانگ دعووں سے شروع کیا گیا SIFC بھی اپنے مقاصد و اہداف حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا۔ ایکسپورٹ کا گراف نیچے کی طرف ہے۔

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا نہ ہونا دراصل غیر ملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان کے سیاسی، سماجی و معاشی حالات پر عدم اعتماد کا اظہار ہے۔ پاکستان میں بجلی اور گیس کی ہوشربا قیمتیں خطے کے مہنگے ترین نرخ ہیں۔ ٹیکسوں کی شرح تو کمر توڑ ہے۔ ایسے حوصلہ شکن معاشی ماحول میں کون آئے گا یہاں سرمایہ لگانے؟ غیر ملکی سرمایہ کاری نہیں ہو گی تو نئے کارخانے نہیں لگیں گے۔ نئے کارخانے نہیں لگیں گے تو نیا روزگار پیدا نہیں ہو گا۔ اور یوں "ترقی" ایک بار پھر بوڑھ کے نیچے آ کھڑی ہوتی ہے۔

حکومت ماشاء اللہ، عالمی سفارتی اور عالمی امن کے محاذ پر، فی الحال، کامیابی کے جھنڈے گاڑھ رہی ہے، لیکن اِسے بدقسمتی ہی کہنا چاہیے کہ وطنِ عزیز کے اندر یہ حکومت کامل قیامِ امن میں کامیاب نہیں ہو پا رہی۔ بھارت افغانستان کے راستے (احسان فراموش افغان طالبان کے توسط اور شہ پر) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مسلسل خونریز مداخلتیں کر رہا ہے۔ بھارت نے حالیہ ایام میں آزاد کشمیر میں جو خونی مداخلت کی ہے، یہ نیا فتنا ہے اور یہ بتا رہا ہے کہ پاکستان میں بدامنی پیدا کرنے کے لیے بھارت کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دے رہا۔ بھارتی خونیں شرانگیزیوں کو روکنے کے لیے پاکستان اور پاکستان کی سکیورٹی فورسز کو زرِ کثیر بھی خرچ کرنا پڑ رہا ہے اور بہت سی توانائیاں بھی صَرف ہو رہی ہیں۔

یہ سارے بھاری اخرجات یا تو پاکستانی عوام کی جیبوں سے پورے کرنا پڑتے ہیں یا بھاری شرح پر غیر ملکی ساہوکاروں سے قرض لینا پڑتا ہے۔ ہماری اشرافیہ کے اللے تللے بھی کم نہیں ہو رہے۔ کھربوں روپے کے غیر ملکی قرضے ہماری قومی کمر توڑ رہے ہیں۔ حکومت نے پٹرول کی قیمت میں 4 روپے فی لٹر کمی کر کے حاتم طائی کی قبر پر لات ماری ہے؛ چنانچہ ہم وزیر اعظم شہباز شریف صاحب کو یہ کہتے ہُوئے سُن رہے ہیں: "بجٹ میں ہم نے عوام کو ریلیف دیا ہے۔ عوام کی خوشحالی کا دَور شروع ہو چکا ہے۔" ستم ظریفی شائد اِسی کا نام ہے!

آزاد کشمیر کا قصہ

ڈاکٹر فاروق عادل

کشمیر کے حالیہ بحران نے یونیورسٹی کا زمانہ یاد دلا دیا ہے۔ یہ بات 1985 کی ہو گی یا ایک سال بعد کی۔ ٹائم یا نیوز ویک میں ایک رنگین اسکیچ شائع ہوا جس میں چاڈ کے نقشے کے عین وسط میں ایک خنجر گھونپا ہوا دکھایا گیا۔ خنجر کے دستے پر ایک ہاتھ فرانس کا تھا اور ایک لیبیا کا جن کے بارے میں تاثر تھا کہ وہ چاڈ کو تختۂ مشق بنائے ہوئے ہیں۔ کچھ دن گئے ہوں گے کشمیر سے تعلق سے طلبہ سیاست میں متحرک ایک تنظیم نے ایک پمفلٹ شائع کیا جس میں چاڈ کے نقشے کی جگہ کشمیر کا نقشہ دکھایا گیا اور فرانس اور لیبیا کے ہاتھ کی جگہ بھارت اور پاکستان کے ہاتھ خنجر پر دکھائے گئے۔

اس پمفلٹ کی یاد کا لعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی سرگرمیوں اور ان کے دوران میں کچھ لیڈروں کی طرف سے پاکستان کے بارے میں ان کا رویہ دیکھ کر تازہ ہوئی۔ کشمیر کا پاکستان سے تعلق کیا ہو گا، کشمیر میں اس سوال پر کبھی دو آرا نہیں رہیں۔ گزشتہ آٹھ دہائیوں کے دوران میں آزاد کشمیر میں کئی سیاسی جماعتوں کی حکومت رہی ہے۔ ان میں ایک دوسرے سے متضاد نظریات رکھنے والے لوگ بھی شامل رہے ہیں لیکن ان کے درمیان ہمیشہ ایک چیز پر اتفاق رہا ہے۔ یہ اتفاق ایک نعرے پر تھا یعنی کشمیر بنے گا پاکستان۔ یہ نعرہ سردار عبدالقیوم خان مرحوم نے دیا تھا جنھوں نے ڈوگرہ راج سے آزادی کے لیے سب سے پہلے مسلح جدوجہد کی۔ اس شاندار جدوجہد پر قوم نے انھیں مجاہدِ اوّل کا خطاب دیا۔

آزاد کشمیر میں سیاست ہی نہیں آئین کی اساس بھی یہی نعرہ تھا لیکن اس حقیقت میں بھی کوئی شبہ نہیں ہے کہ ہمارے اسی کشمیر میں دوسرا نقطۂ نظر رکھنے والے لوگ بھی موجود رہے ہیں جو اسی انداز میں سوچتے تھے جس کی نمائندگی وہ بھولا بسرا پمفلٹ کرتا تھا۔ یہ لوگ موجود تو تھے لیکن آٹے میں نمک کی طرح۔ یہ مثال بھی درست نہیں کہ آٹے میں نمک زیادہ ہوتا ہے۔

2005ء کے زلزلے کے آتے آتے خبر ہوئی کہ یہ طبقہ مزید سکڑ گیا ہے۔ آزاد کشمیر میں آنے والی اس قدرتی آفت کے موقع پر اہل پاکستان نے جس محبت سے کشمیر کا دکھ بانٹا، اس پر یاسین ملک نے اہل کشمیر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا:

یاد رکھنا! مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان تمھارے شانہ بہ شانہ کھڑا تھا، کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کرتے وقت پاکستان کی یہ قربانی بھول نہ جانا۔

اس بیان سے قبل یاسین ملک مقبوضہ کشمیر میں اسی سیاسی طبقے کی نمائندگی کرتے تھے جو سردار قیوم کے دیے ہوئے نعرے پر یقین نہیں رکھتا تھا لیکن اس بیان کے بعد صورت حال بدل گئی اور پاکستان کے بارے میں منفی طرزِ عمل رکھنے والا طبقہ یوں کہیے کہ سیاسی طور پر ختم ہو گیا۔ یہ تاثر بڑی حد تک درست تھا کیوں کہ یاسین ملک کے اس بیان کے بعد صورت حال واقعی بدل گئی تھی اور آزاد کشمیر کے سیاسی لینڈ اسکیپ پر خود مختار کشمیر کا نعرہ اپنا وجود برقرار رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکا تھا یہاں تک کہ ایکشن کمیٹی کی سرگرمیاں شروع ہو گئیں۔

ایکشن کمیٹی والے کون ہیں، ان کے نعروں اور طرزِ عمل سے ان کی شناخت مشکل نہیں۔ نظریاتی طور پر یہ وہی لوگ ہیں جو کشمیر کے تعلق سے پاکستان کے بارے میں اچھے جذبات نہیں رکھتے۔ آزاد کشمیر میں ان کی سرگرمیاں اور نعرے ہوں یا بیرون پاکستان خاص طور پر برطانیہ میں ان کے ہم خیال، یہ سب پاکستان کے بارے میں معاندانہ رویہ رکھتے ہیں۔ اس کا اندازہ ایکشن کمیٹی کے اجتماعات اور ریلیوں میں گونجنے والے نعروں اور پاکستانی اداروں کے بارے میں بدزبانی سے ہوا۔

سوال یہ ہے کہ اگر خود مختار کشمیر کے سب سے بڑے علمبردار یاسین ملک پاکستان کے بارے میں ہمدردانہ اندازِ فکر اختیار کر چکے تھے تو پھر یہ لوگ کہاں سے آ گئے؟ اس بحران کو سمجھنے کے لیے یہ سوال اہم ہے۔ اس ضمن میں دو واقعات بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں۔

عمران خان پاکستانی سیاست میں ایک نیا مظہر تھے جنھیں تیزی سے مقبولیت ملی۔ عمران خان نے اقتدار میں آنے سے قبل ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اسے تین حصوں میں تقسیم کر دینے میں ہے۔ وہ اقتدار میں آئے تو 5 اگست 2019ء ہو گیا جب مودی کے بھارت نے آئین میں ترمیم کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اسے بھارت میں ضم کر دیا۔ اس پر عمران خان کی حکومت نے زبانی جمع خرچ کے سوا کچھ نہیں کیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ بھارت نے یہ قدم اس وقت کی پاکستانی حکومت کی رضامندی سے اٹھایا تھا۔ دوسری بات کا تعلق بھی 5 اگست سے ہے۔

مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت تبدیل کرنے کے بعد کئی بھارتی راہ نماؤں نے کہا تھا ہمارا اگلا قدم آزاد کشمیر پر قبضہ ہے۔ 10 مئی کو معرکہ حق میں شکست فاش کھانے والے بھارتی جانتے ہیں کہ وہ ایسا کبھی نہیں کر سکیں گے۔ اس لیے انھوں نے کشمیر کے بارے میں بھی وہی طریقہ اختیار کیا ہے جس پر وہ بلوچستان اور سابق قبائلی علاقوں میں کاربند ہیں یعنی بدامنی اور عدم استحکام کا فروغ۔

ایکشن کمیٹی کی سرگرمیاں اور دیکھی جانے والی بہت سی باتیں اس شبے کو تقویت پہنچاتی ہے۔ اوّل وہ رجسٹریشن کرا کے سیاسی عمل میں شریک نہیں ہونا چاہتے کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ کشمیری عوام انھیں مسترد کر دیں گے۔ دوسرے ان کی طرف سے بعض راہ نماؤں نے علی الاعلان کہا کہ وہ انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ اس ضمن میں ان کی ریلیاں بھی واضح ثبوت کی حیثیت رکھتی ہیں لیکن افغانستان میں موجود ان کے ایک لیڈر شہزادگی تو بات چیت بھی سامنے آ گئی ہے جس میں اس نے دو ٹوک الفاظ میں ایکشن کمیٹی والوں سے کہا ہے کہ الیکشن کسی صورت میں نہیں ہونے دینے۔

ان کے منفی عزائم کا ایک اور ثبوت یہ ہے کہ ان میں شامل بہت سے لوگ مسلح تھے اور ان کے ہاتھ خون سے بھی رنگے جا چکے تھے۔ کمیٹی کے اور راہ نما شوکت میر کی اپنے لوگوں کی گفتگو سے بھی حقیقت واضح ہو گئی ہے۔ ان کے منفی عزائم کا اندازہ اس بیان سے بھی ہوتا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگر مہاجرین کشمیر کی نشستیں ختم بھی کر دی گئیں تو ان کے مطالبات اس سے بھی آگے چلے جائیں گے۔ یہ سب حقائق واضح کرتے ہیں کہ آزاد کشمیر میں پیدا ہونے اس بحران کے ڈانڈے مودی حکومت کے ان ہی ناپاک عزائم سے ملتے ہیں جن کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس معاملے سے نمٹنے کے لیے احتیاط کی جائے اور ہر فیصلہ نہایت غور و فکر اور ٹھنڈے دل سے کیا جائے۔

حرف آخر یہ کہ اس ضمن میں ریاست کو اپنی غلطیوں پر بھی نگاہ رکھنی ہو گی جن کی وجہ سے ایسے لوگوں کے پنپنے کی گنجائش پیدا ہوتی ہے۔ اس ضمن میں کہنے کی ایک بات یہ بھی ہے کہ ریاست کی رٹ مضبوط رکھنے کے ساتھ

سٹی نیوز

ڈاکٹر لیاقت علی، صدر، پنجاب گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، نعیم صدیقی جنرل سیکرٹری، پنجاب گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلم زاہد رانا سیف و دیگر صوبائی اسمبلی ملک شہباز علی کھوکھر کو فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دے رہے ہیں

مختلف محکموں کے ملازمین کے اربوں کے بینیفٹ فنڈز منجمد ہونے پر تشویش

پنجاب حکومت، ایف بی آر، ایس ای سی پی فوری مشترکہ پالیسی جاری کریں، لاہور ٹیکس بار

لاہور (آئی این پی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے واضح قواعد وضوابط نہ ہونے، مختلف اداروں کے متضاد تقاضوں اور رجسٹریشن کے پیچیدہ عمل کی وجہ سے مختلف محکموں کے ملازمین کے اربوں روپے کے بینیفٹ فنڈز معلاً منجمد ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری محمد فاروق گجر نے کہا کہ پنجاب ٹرسٹ ایکٹ 2020ء کے تحت ٹرسٹس کی لازمی رجسٹریشن تو نافذ کر دی گئی مگر حکومت آج تک ایسا موثر طریق کار نہیں دے سکی جس کے تحت پروویڈنٹ فنڈ، گریجویٹی فنڈ اور سپر اینیوایشن ٹرسٹس آسانی سے قانونی تقاضے پورے کر سکیں۔ پنجاب حکومت نے 2022ء کی ترامیم کے ذریعے سیٹلائزڈ ٹرسٹس میں ایمپلائی بینیفٹ فنڈز کو بھی شامل کر دیا ہے تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ ان فنڈز کی نگرانی، منظوری اور ریگولیشن کا حتمی اختیار کس ادارے کے پاس ہوگا، نتیجتاً ادارے اس وقت پنجاب ٹرسٹ رجسٹریشن اتھارٹی، ایف بی آر، ایس ای سی پی اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان چکر لگانے پر مجبور ہیں۔

تنخواہوں و پنشن میں 10 فیصد اضافہ کسی صورت قبول نہیں: خالد سنگھڑہ

چاروں صوبوں کے ملازمین کو 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس دیا جائے، پروفیسر فائزہ

لاہور (ڈیلی این این) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس (آگیگا) پنجاب کے چیئرمین خالد سنگھڑہ، یاسمین وڑائچ، پروفیسر فائزہ رحمٰن، رانا انوالحق، بشیر وڑائچ، رانا لیاقت علی، ضیاء اللہ نیازی، کاشف شہزاد، مظہر گجر، شفیق گجر، فیاض گیلانی، سعود جان، اشتیاق چیمہ، آزاد گجر، میاں جہانگیر، میاں سرور معراج، زاہد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان میں شدید مہنگائی کا قہر نازل ہے۔ جہاں اس عذاب سے عام عوام متاثر ہیں وہیں سرکاری ملازمین بھی لامحدود مہنگائی سے شدید متاثر ہیں بلکہ ان کی زندگیاں اجیرن ہو چکی ہیں۔ محدود ذرائع آمدن سے ان کی قوت خرید شدید متاثر اور گھر چلانا دشوار ہے۔ وفاقی بجٹ 26-2025ء میں اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس سے پنجاب و دیگر صوبوں کے ملازمین تاحال محروم ہیں۔

ایشین گیمز اوپی اے فن ران ڈے پر لاہور کالج یونیورسٹی میں حاجی محمد خالد محمود سیکرٹری جنرل پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن، انٹرنیشنل ویٹ لفٹر عقیل جاوید بٹ سیکرٹری، پنجاب ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن، میڈم نزہت جبیں چیئرپرسن پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن اور دیگر ممبران کا گروپ فوٹو

یونیورسٹی آف ایجوکیشن میں طلبہ کے فن پاروں کی شاندار نمائش کا انعقاد

لاہور (ڈیلی این این) یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور کے شعبہ تاریخ، فنون اور ثقافتی ورثہ کے زیر اہتمام بی ایف اے تھیسس نمائش 2026ء (گرافک ڈیزائن اور پینٹنگ) کا انعقاد مرکزی کیمپس ٹاؤن شپ اور لوئر مال کیمپس میں کیا گیا، جس میں فارغ التحصیل طلبہ کے سو سے زائد تخلیقی اور تحقیقی فن پارے پیش کیے گئے۔ نمائش کا افتتاح یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عاکف انور چودھری نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف اسٹالز کا معائنہ کیا اور طلبہ کے اعلیٰ معیار کے فن پاروں، تخلیقی سوچ اور جدید ڈیزائننگ صلاحیتوں کو سراہا۔

ملک میں مہنگائی کی شرح ساڑھے چودہ فیصد تک پہنچنا تشویشناک ہے، جاوید قصوری

لاہور (یو این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کی شرح میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے اور حکومت کو آئندہ وفاقی بجٹ میں عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہنگامی اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ ادارہ شماریات کی حالیہ رپورٹ کے مطابق مئی 2026ء میں افراط زر کی سالانہ شرح بڑھ کر 11.66 فیصد ہو گئی ہے، جو گزشتہ تقریباً دو سال کی بلند ترین سطح ہے جبکہ مجموعی سالانہ مہنگائی کی شرح 14.47 فیصد تک پہنچ جانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومتی معاشی پالیسیاں عام آدمی کو ریلیف دینے میں ناکام رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ شماریات کی تازہ رپورٹ پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ بجٹ سے قبل ہی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں۔

منصفانہ، شفاف اور خامیوں سے پاک ٹیکس نظام لایا جائے: خادم حسین

فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں

لاہور (کامرس رپورٹر) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبوں کے ٹیکسیشن کے نظام کی وجہ سے اس وقت چار الگ نظام ہیں جس کی وجہ سے انتظامی بھگدڑ بن گئی ہے، ایک ایسا منصفانہ، شفاف اور خامیوں سے پاک ٹیکس نظام لایا جائے جو چوروں کو پکڑنے اور ایماندار ٹیکس دہندگان پیدا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہو، آئندہ بجٹ میں فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں اور سود کی ادائیگی کے ہوائی نہیں بلکہ حقیقت پسندانہ اہداف طے کیے جائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو بجٹ میں صنعتوں کے لیے کاروباری لاگت کم کرنے کے عملی اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ مقامی پیداوار میں اضافہ اور برآمدات کو فروغ مل سکے۔ توانائی کے نرخ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں مسابقتی سطح پر لائے جائیں تاکہ صنعتوں کو ریلیف ملے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کے لیے غیر دستاویزی معیشت کو مرحلہ وار دستاویزی شکل دی جائے جبکہ موجودہ ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔

کسانوں کے گھروں پر چھاپے بند، زراعت کو ٹیکس فری رکھا جائے، خالد حسین بانٹھ

چینی برآمد کرنے کی اجازت نہ دی جائے، کھادوں پر سبسڈی دی جائے، چیئرمین کسان اتحاد

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین بانٹھ نے حکومت کی زرعی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسانوں کے گھروں پر چھاپے فوری طور پر بند کیے جائیں اور اپنی انتظامی ناکامیوں کا بوجھ کسانوں پر نہ ڈالا جائے، زراعت کو مکمل طور پر ٹیکس فری رکھا جائے اور کھاد، زرعی ادویات، بیج، بجلی اور ڈیزل پر مزید ٹیکس عائد نہ کیے جائیں، کھادوں پر سبسڈی دی جائے اور کھاد کمپنیوں سے مشاورت کے ذریعے قیمتوں میں کمی لائی جائے، مجلسی کینال منصوبے کی تکمیل میں تیزی لائی جائے، حکومت نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار نہ کی تو پاکستان کو شدید غذائی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، چشمہ رائٹ بینک کینال اور گول زام کمانڈ ایریا کی فوری مرمت کی جائے، پانی چوری روکی جائے اور نہری نظام کی استعداد بحال کی جائے، کسانوں کی عزت نفس اور چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا تو پاکستان کسان اتحاد بھرپور اور پرامن احتجاج کرے گا۔

بجٹ میں عوام کو حقیقی اور مؤثر ریلیف فراہم کیا جائے: ضیاء الدین انصاری

آئی ایف ایم کی غلامی میں تیار بجٹ عوام کیلئے ریلیف نہیں مزید مشکلات پیدا کریگا، ریلیف کا مطالبہ

لاہور (سٹی رپورٹر): امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے وفاقی بجٹ 2026 پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو حقیقی اور مؤثر ریلیف فراہم کیا جائے، بصورت دیگر یہ بجٹ مہنگائی کے دباؤ میں مزید اضافے اور عوامی مشکلات میں شدت کا باعث بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف تقاریب میں مالی سال کے بجٹ کے حوالے سے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت تیار کیا جانے والا بجٹ عوام دوست نہیں بلکہ عوام دشمن ثابت ہوگا۔ بجٹ میں نئے ٹیکسوں کے نفاذ اور حالیہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے نے اشیائے خورونوش اور بنیادی ضروریات زندگی کو عام آدمی کی پہنچ سے مکمل طور پر دور کر دیا ہے۔

عزاخانہ شہدائے کربلا وحدت روڈ پر جشن عید غدیر 4 جون کو ہوگا

صدارت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کریں گے، علامہ سید ابصار علی نقوی خطاب کرینگے

لاہور (پ ر) وحدت روڈ آچار وشاپ پر عزاخانہ شہدائے کربلا میں "جشن عید غدیر" کا اہتمام کیا گیا ہے۔ سید محمد احمد نقوی و پسران کے زیر اہتمام ہونیوالی تقریب کی صدارت سربراہ وفاق المدارس الشیعہ پاکستان آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کریں گے، جبکہ علامہ سید ابصار علی نقوی خصوصی خطاب کرینگے۔ تلاوت کلام پاک سید محمد عزیزان نقوی جبکہ حدیث کسا طاہر الحسن رضوی پڑھیں گے۔ نظامت کے فرائض انجم رضا اور اخلاق جعفری ادا کریں گے۔ منہال نقوی، عاطف نقوی، مانی خان، محمد رضا منگلہ، ریحان جعفری، سید محمد باقر، احسن زیدی، غازی علی زیدی سمیت دیگر منقبت اور قصائد پیش کریں گے۔ علامہ سید ابصار علی نقوی ٹھیک ساڑھے 8 بجے رات رونق افروز ممبر ہوں گے۔

نادہندگان کیخلاف آپریشن میں انتظامیہ کاروباری مراکز سیل کر رہی ہے

کمرشل واجبات کی عدم ادائیگی پر آپریشن، متعدد کاروباری مراکز سیل

ٹیکس عوامی بہبود کا بڑا ذریعہ، پراپرٹی مالکان بروقت ادائیگیاں یقینی بنائیں: انتظامیہ

لاہور (سٹی رپورٹر) راوی شہر میں کمرشل واجبات کی عدم ادائیگی پر آپریشن، متعدد کاروباری مراکز سیل کر دیے گئے، شعبہ ڈویلپمنٹ اینڈ بلڈنگ کنٹرول کی زیر نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹرز روڈ نے آپریشن کیا، روڈ ٹیم نے دوران آپریشن بلال ٹیکوٹ ہال، خان اسٹیٹ ایڈوائزر کو سربمہر کر دیا، نادہندگان کیخلاف کارروائیوں میں حق باہو ریئل اسٹیٹ کا دفتر بھی بند کر دیا گیا، انتظامیہ نے کہا ہے ٹیکس عوامی بہبود کا بڑا ذریعہ، پراپرٹی مالکان بروقت ادائیگیاں یقینی بنائیں مطالبہ کیا کہ چشمہ رائٹ بینک کینال اور گول زام کمانڈ ایریا کی فوری مرمت کی جائے، پانی چوری روکی جائے اور نہری نظام کی استعداد بحال کی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر خیبر پختونخوا کے کسانوں کے مسائل حل نہ کیے گئے تو پاکستان کسان اتحاد صوبے بھر میں تاریخی احتجاجی تحریک شروع کرے گا۔

بابائے انشورنس میاں محمد شریف سند عہد 84 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

محکمہ بلدیات پنجاب، دو افسران کے تبادلے و تقرری

سہیل اشرف گوندل اور پارس زبیر کی خدمات ایم سی ایل کے سپرد کر دی گئیں، حکام

لاہور (زیڈ این این) محکمہ بلدیات پنجاب نے لوکل گورنمنٹ سروس ایڈمنسٹریٹو کنٹینل یونٹ گریڈ 17 کے دو افسران کی خدمات مزید تقرری کے لیے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے سپرد کر دی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سہیل اشرف گوندل اور پارس زبیر کی خدمات ایم سی ایل کے حوالے کی گئی ہیں۔ دونوں افسران اس سے قبل بھی بلدیہ عظمیٰ لاہور کے مختلف زونز میں فرائض انجام دے چکے ہیں۔ محکمہ کے مطابق یہ تبادلے انتظامی ضروریات اور بہتر ورکنگ کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے ہیں۔

آزاد کشمیر کے نوجوانوں کا منشیات کے خلاف کام کرنے والے رفیع احمد کا نیلم پوائنٹ پر استقبال کے موقع پر گروپ فوٹو

عیدالاضحیٰ پر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ، ڈی ایچ اے میں صفائی کے بہترین انتظامات

آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے کیلئے اعلیٰ انتظامات کئے گئے عملے نے جانفشانی سے فرائض انجام دیئے

لاہور (پ ر) عیدالاضحیٰ کے موقع پر حسب سابق اس مرتبہ بھی والٹن کنٹونمنٹ بورڈ اور ڈی ایچ اے میں قربانی کی آلائشوں اور صفائی ستھرائی کیلئے بہترین انتظامات کئے گئے۔ عید کے تینوں دن متعلقہ عملے نے اپنے فرائض بڑی جانفشانی اور محنت اور لگن سے سرانجام دیئے۔ اس موقع پر خصوصی سپرے بھی کیا گیا۔ صفائی ستھرائی کیلئے والٹن کنٹونمنٹ بورڈ نے ٹرانسپورٹ کا خصوصی انتظام کر رکھا تھا۔ متعلقہ عملہ جدید گھنٹے چاک و چوبند رہا اور کسی بھی علاقے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی گئی۔ کنٹونمنٹ اور ڈی ایچ اے کے مکینوں خصوصاً سماجی تنظیموں نے اس مرتبہ والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ متعلقہ عملے نے صفائی اور ستھرائی کیلئے اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ اور متعلقہ عملہ اور ذمہ داران مبارکباد کے مستحق ہیں۔

نمازوں کے اوقات

طلوع آفتاب	4:58
غروب آفتاب	7:04
فجر	4:20
ظہر	1:00
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو/ایمبولینس/فائر بریگیڈ	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

کرنسی مارکیٹ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	278.30	279.55
کینیڈین ڈالر	199.44	206.20
برطانوی پاؤنڈ	372.55	378.20
یورو	321.89	328.39
جاپانی ین	1.7423	1.8424
سعودی ریال	73.80	74.60
اماراتی درہم	75.35	76.35
آسٹریلین ڈالر	197.95	202.61
چائنیز ین	38	39.25

انڈسٹریل اسٹیٹ وزیرآباد کیلئے 2 ارب کے قرضے جاری ہونیکا امکان

قرضے کیلئے ہارون اختر، نادیہ سیٹھی، چودھری شافع حسین اور مبین الٰہی کے اقدامات قابل تعریف ہیں

جلد وزیرآباد کے ایکسپورٹر اور انڈسٹریل اسٹیٹ کے پلاٹ مالکان کو خوشخبری ملے گی: ندیم احمد وڑائچ

وزیرآباد (خصوصی رپورٹ) چیئرمین ہنٹنگ سپورٹنگ نائف، سوورڈز اینڈ ایسیسریز ایسوسی ایشن آف پاکستان ایک مرتبہ پھر وزیراعظم پاکستان، ہارون اختر (ایڈیشنل اسسٹنٹ برائے انڈسٹریز وزیراعظم پاکستان)، میڈم نادیہ سیٹھی چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیڈا، چودھری شافع حسین، انڈسٹریز منسٹر پنجاب، اور ایم ڈی پیسک مبین الٰہی کی بے حد مشکور ہے، جنہوں نے تمام معاملات کو مدنظر رکھتے ہوئے انڈسٹریل اسٹیٹ وزیرآباد کے لیے دو ارب روپے کے قرضہ جات کی منظوری کے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ امید ہے بہت جلد، جیسا کہ اس سے قبل چیئرمین ہنٹنگ سپورٹنگ نائف، سوورڈز اینڈ ایسیسریز ایسوسی ایشن آف پاکستان ندیم احمد وڑائچ نے کہا تھا، جولائی تا اگست بلا سود قرضہ جات وزیرآباد کے چھری، چاقو اور تلوار سیکٹر کو انڈسٹریل اسٹیٹ کی آبادکاری کے لیے فراہم کیے جائیں گے۔ اب اس منصوبے پر مزید تیزی سے کام شروع ہو چکا ہے اور ان شاء اللہ بہت جلد وزیرآباد کے ایکسپورٹر حضرات اور انڈسٹریل اسٹیٹ کے پلاٹ مالکان کو خوشخبری ملے گی۔ ہنٹنگ سپورٹنگ نائف، سوورڈز اینڈ ایسیسریز ایسوسی ایشن آف پاکستان ہمیشہ وزیرآباد کے ایکسپورٹر حضرات کے لیے کوشاں ہے تاکہ اس انڈسٹری کو جلد از جلد بحال کیا جا سکے اور اس سیکٹر کی ایکسپورٹ میں مزید اضافہ ہو۔

مشین پر حاضری لگانے کیلئے سب ڈویژن حاضری ٹیوب ویل آپریٹرز کو مشکلات

جو لوگ صبح چار بجے ڈیوٹی پر حاضر ہوتے ہیں وہ سب ڈویژن میں جانے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں

سیور مین فنٹر کلی کو بھی مشکلات کا سامنا، ورکروں کی آسانی کیلئے فیصلے کئے جائیں: زاہد خان کاکڑ صدر واسا شیر یونین

لاہور (نمائندہ خصوصی) واسا شیر یونین کے صدر زاہد خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے واسا میں حتم کے ذریعے حاضری لگائی جا رہی ہے یہ انتظام درست ہے لیکن جو لوگ ٹیوب ویل پر ڈیوٹی کرتے ہیں ان کے لیے بڑی مشکلات پیش آ رہی ہیں کیونکہ ان کو پہلے حاضری لگانے کے لیے سب ڈویژن میں جانا پڑتا ہے اس کے بعد ٹیوب ویل پر جس کی وجہ سے ان کا بہت وقت ضائع ہوتا ہے جو لوگ صبح چار بجے ڈیوٹی پر حاضر ہوتے ہیں وہ سب ڈویژن میں جانے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں اس کے علاوہ سیور مین فنٹر کلی کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جب ڈیوٹی ختم ہوتی ہے تو پھر بھی ان کو سب ڈویژن میں جانا پڑتا ہے چاہے ان کا کام مکمل ہو یا نہ ہو، زاہد خان کاکڑ نے کہا فیلڈ میں کام کرنے والے ورکروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے جائیں جو سٹاف آفس میں کام کرتا ہے اس کے لیے تو بہتر ہے لیکن جو فیلڈ میں کام کرتے ہیں ان کے لیے بہت ساری مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

پانچ سالہ معاشی روڈ میپ جامع اور قابلِ عمل دستاویز ہے: خواجہ عطاء الرحمٰن

حکومت کو چاہیے اس روڈ میپ میں شامل سفارشات پر سنجیدگی سے غور کرے: صدر چیمبر آف کامرس

لاہور (پ ر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی طرف سے پیش کردہ "شیڈو بجٹ" اور پانچ سالہ معاشی روڈ میپ ملکی معیشت کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور پائیدار ترقی کی راہ ہموار کرنے کے لیے جامع اور قابلِ عمل دستاویز ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اس روڈ میپ میں شامل سفارشات پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے انہیں عملی جامہ پہنائے ان خیالات کا اظہار چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز خانیوال کے صدر خواجہ عطاء الرحمٰن نے تاجروں اور صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نیکہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ کاروباری، صنعتی اور معاشی ماہرین کی مشاورت سے ایک جامع شیڈو بجٹ دستاویز اور طویل المدتی معاشی حکمتِ عملی مرتب کی گئی ہے، جس کا مقصد ملکی معیشت کو استحکام دینا، سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور عوام کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ خواجہ عطاء الرحمٰن نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی کے صدر ایس ایم خنجر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے سرپرست اعلیٰ عاطف اکرام شیخ کی قیادت میں تیار کیے گئے۔

حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے: جے یو آئی (س)

حکومت کی بجٹ میں سب سے زیادہ توجہ کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے پر ہونی چاہیے

لاہور (زیڈ این این) جمعیت علماء اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبداللہ قدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید توتسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے، حکومت کی بجٹ میں سب سے زیادہ توجہ کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے پر ہونی چاہیے، پاکستان میں ٹیکس نظام کو سماجی انصاف کے اصولوں کے مطابق بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات نے عام آدمی خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں وفاقی بجٹ عوام کی توقعات کا حقیقی ترجمان ہونا چاہیے۔

سینئر ہیڈ ماسٹر ملک ناظم محمود کے والد، ملک ماسٹر مبارک علی انتقال کر گئے

نماز جنازہ آبائی گاؤں ابھیال ڈوگر میں ادا، اہل علاقہ، عزیز و اقارب نے شرکت کی

شکرگڑھ (خصوصی رپورٹ) سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول چرانہ ملک ناظم محمود کے والد محترم، ملک ماسٹر مبارک علی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں ابھیال ڈوگر (بڑا بھائی مسرور) میں ادا کر دی گئی جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ میں ایم پی اے محمود احمد شکراں، سی ای او ایجوکیشن عارف شہزاد، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عرفان حسین، سی ای او وزیرآباد آصف مسعود، چودھری بشیر پرنسپل، اجمل خان وائس پرنسپل، شہود خان سینئر ماہر مضمون حافظ اشفاق، عبدالرحمٰن بیکا ناردوال، راشد خان پرنسپل شفیق طاہر، محکمہ تعلیم کے افسران، تحصیل بھر کے تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ کرام، ڈاکٹرز، وکلاء، سیاسی و سماجی شخصیات، اہل علاقہ اور عزیز و اقارب کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ مرحوم ملک ماسٹر مبارک علی نہایت شریف النفس، دیندار، نیک سیرت اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے اپنی زندگی تعلیم، سماجی خدمت اور انسانیت کی فلاح کے لیے وقف کر رکھی تھی۔

آج دن کیسا رہے گا

حمل (21 مارچ تا 21 اپریل): ہر وقت خیالوں میں کھوئے رہنا آپ کے لیے فائدہ مند ہرگز نہ ہے بہتر ہے کہ اپنے روزمرہ کے امور توجہ سے کریں تاکہ پریشانیوں سے بچا جا سکے۔

ثور (22 اپریل تا 20 مئی): محدود تعلقات کو ترجیح دیں کیونکہ آپ کا کوئی قریبی دوست اہم راز فاش کرنے پر تلا ہوا ہے۔ کسی کو دی ہوئی رقم اچانک سے واپس مل جائے۔

جوزا (21 مئی تا 21 جون): مایوسی کے اندھیرے اجالوں کی چادر اوڑھ سکتے ہیں بس اپنی سوچ کا انداز تبدیل کیجیے پھر ہر مسئلہ آپ کی سوچ کے مطابق حل ہوتا نظر آئے گا۔

سرطان (22 جون تا 23 جولائی): چند ایسے دوست جن پر آپ ضرورت سے زیادہ بھروسہ کرتے ہیں آپ کو پریشان کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں لہٰذا خود کو ذرا محدود ہی رکھیں تو بہتر ہے۔

اسد (24 جولائی تا 23 اگست): محبت کے معاملات حسب منشاء حل ہوتے نظر آ رہے ہیں ہو سکتا ہے کہ آپ کے اہل و عیال آپ کا مطلوبہ جگہ رشتہ طے کرنے میں راضی ہو جائیں۔

سنبلہ (24 اگست تا 23 ستمبر): تعلیمی معاملات توجہ کے طلبگار ہیں لہٰذا خود کو عشق و محبت کے معاملات میں پھنسا کر اپنا قیمتی وقت ہرگز ضائع نہ کریں۔

میزان (24 ستمبر تا 23 اکتوبر): کوئی صاحب اقتدار شخصیت آپ کا کوئی اہم کام پایہ تکمیل تک پہنچانے کا باعث بن سکتی ہے اپنے دوستوں کے ساتھ تعلقات محدود رکھیں۔

عقرب (24 اکتوبر تا 22 نومبر): دماغ پر لاحاصل سوچیں غالب رہیں گی لہٰذا اپنے آپ کو اچھے کاموں کی طرف راغب رکھیں تاکہ فضول سوچوں سے چھٹکارہ پا سکیں۔

قوس (23 نومبر تا 22 دسمبر): جو افراد ملازمت کی تلاش میں در بدر پھر رہے تھے آج کے دن ان کے لیے خوشی کا باعث بن سکتا ہے نزدیکی سفر کے امکان روشن ہیں۔

جدی (23 دسمبر تا 20 جنوری): آپ کی جمع شدہ پونجی کسی اہم کام کے سلسلہ میں آج کے دن کام آ سکتی ہیں لہٰذا مستقبل میں بھی کفایت شعاری کا دامن تھامے رکھیے تاکہ بوقت ضرورت آپ کے کام آ سکے۔

دلو (21 جنوری تا 19 فروری): کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوتی نظر آ رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنے مخالفین سے بھی محتاط رہیں گھریلو حالات توجہ کے طلبگار ہیں۔

حوت (20 فروری تا 20 مارچ): عزیزوں سے بگڑے تعلقات راستی اختیار کریں گے لیکن ان کو اپنا ہمدرد یا رازدان سمجھ لینا عقل مندی نہ ہے البتہ محبت

پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ میں 13 ملازمین کی ترقی، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (زیڈ این این) پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ میں محکمانہ ترقیاتی کمیٹی (DPC) کی سفارشات پر 13 ملازمین کی ترقی کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کمیل احمد میاں کی منظوری کے بعد سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ طارق مسعود فاروقہ نے باقاعدہ پروموشن نوٹیفکیشن جاری کیے۔

پاکستان کیمیکل ایکسپو 5 تا 6 جون لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی

لاہور (آن لائن) پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے پاکستان کیمیکل ایکسپو 2026 کے باضابطہ انعقاد کا اعلان کیا ہے، جو 5 اور 6 جون 2026 کو لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی۔ یہ اہم ایونٹ پاکستان کی کیمیکل انڈسٹری کی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا، جو معاشی ترقی، صنعتی جدت اور عالمی منڈیوں سے روابط کے لیے ایک اہم شعبہ ہے۔

علامہ ساجد نقوی سے علامہ جواد نقوی کی ملاقات

شہیدامت کانفرنس میں شرکت کی دعوت

لاہور (ایم ایل آئی) تحریک بیداری امت مصطفیٰ کے سربراہ اور اتحاد امت فورم کے رہنما علامہ سید جواد نقوی نے شہید علماء کونسل پاکستان کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی صاحب سے ملاقات کی اور ان کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت و تسلیت، فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔ علامہ سید جواد نقوی نے علامہ سید ساجد علی نقوی کیساتھ 13 جون کو میٹرو پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی "شہید امت کانفرنس" کے حوالے سے بھی گفتگو کی۔ ملاقات میں امت مسلمہ کے اتحاد، موجودہ حالات میں قومی و ملی ذمہ داریوں اور پروگرام کی تیاری و اہداف پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

سرکاری کالجوں میں 9 ہزار عارضی اساتذہ کی بھرتی، پالیسی میں بڑی تبدیلی

لاہور (زیڈ این این) سرکاری کالجوں میں 9 ہزار سے زائد عارضی اساتذہ کی بھرتی کے معاملے پر محکمہ ہائ

سپورٹس ڈیسک

فٹبال کا ریکارڈ، میسی، رونالڈو چھٹا ورلڈ کپ کھیلنے کیلئے تیار

ورلڈ کپ ممکنہ طور پر دونوں سٹارز کے لیے کیریئر کا چھٹا اور ممکنہ طور پر آخری ورلڈ کپ ہوگا

لندن (سپورٹس ڈیسک) دنیا کے دو عظیم ترین فٹبالرز لیونل میسی اور کرسٹیانو رونالڈو ایک نیا ریکارڈ اور منفرد ریکارڈ اپنے نام کرنے کو تیار ہیں۔ رواں سال ہونے والا ورلڈ کپ ممکنہ طور پر دونوں سٹارز کے لیے کیریئر کا چھٹا اور ممکنہ طور پر آخری ورلڈ کپ ہوگا۔ فٹبال کی دنیا میں گزشتہ دو دہائیوں سے حکمرانی کرنے والے پرتگال کے کرسٹیانو رونالڈو اور ارجنٹائن سے تعلق رکھنے والے لیونل میسی ایک مرتبہ پھر عالمی فٹبال کے میدان میں جلوہ گر ہونے کے لیے تیار ہیں، اگر یہ دونوں کھلاڑی ورلڈ کپ کے میچز میں میدان میں اترتے ہیں تو یہ فٹبال کی تاریخ میں 6 مختلف ورلڈ کپ ایڈیشنز کھیلنے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن جائیں گے۔ شائقینِ فٹبال اس ٹورنامنٹ کو ان دونوں کا دی لاسٹ ڈانس قرار دے رہے ہیں کیوں کہ یہ ممکنہ طور پر ان کا آخری بین الاقوامی ورلڈ کپ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

پچ بیٹنگ کیلئے اچھی تھی، ہم بڑی پارٹنرشپ نہیں بنا سکے، بابر اعظم

ایک وکٹ گرنے کے بعد جلد مزید وکٹیں گر جاتی ہیں اور ٹیم سنبھل نہیں پاتی، بیٹر کی گفتگو

ڈھاکہ (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر بابر اعظم نے کہا ہے کہ پچ بیٹنگ کے لیے اچھی تھی اور گیند بہتر انداز میں بیٹ پر آ رہی تھی تاہم پاکستانی ٹیم بڑی پارٹنرشپس قائم کرنے میں ناکام رہی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا کہ میں نے اور سلمان علی آغا نے شراکت داری بنانے کی کوشش کی، آغاز بھی اچھا تھا لیکن بدقسمتی سے پارٹنرشپ لمبی نہیں چل سکی۔ بابر اعظم نے کہا کہ بنگلادیش کے فاسٹ بولر ناہید رانا ریڈ بال کرکٹ کے معیاری تیز گیند باز ہیں جبکہ ہر ٹیم کے پاس 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار کے بولرز موجود ہوتے ہیں اور بیٹرز انہیں ہینڈل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پاکستانی بیٹر نے کہا کہ میں نے اپنی نیچرل گیم کھیلنے کی کوشش کی لیکن بعض اوقات رنز بنتے ہیں اور بعض اوقات نہیں بنتے، میری اور سلمان علی آغا کی وکٹیں میچ کا ٹرننگ پوائنٹ ثابت ہوئیں اور انہی دو وکٹوں کے بعد میچ کا مومنٹم تبدیل ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم مسلسل کرکٹ کھیل رہی ہے اور کسی قسم کی ذہنی رکاوٹ نہیں، تاہم منصوبے کے مطابق پارٹنرشپس نہیں بن پا رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں دو یا تین اچھی شراکت داریاں انتہائی ضروری ہوتی ہیں اور بیٹرز کو ذمہ داری لے کر بڑی پارٹنرشپس قائم کرنا ہوں گی۔ بابر اعظم نے اعتراف کیا کہ ایک وکٹ گرنے کے بعد جلد مزید وکٹیں گر جاتی

ہیں اور ٹیم سنبھل نہیں پاتی جس پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق کھلاڑی اور کوچز مسلسل اس مسئلے کے حل پر بات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم ہر سیریز، ہر میچ اور ہر ورلڈ کپ میں اچھا کرنے کے ارادے سے میدان میں اترتی ہے اور کوئی بھی شکست کے ذہن کے ساتھ نہیں کھیلتا۔ بابر اعظم نے کہا کہ غلطیوں کو کم سے کم کرنا ہی ٹیم کے لیے بہتر ہوگا، جبکہ ہر ملک میں مختلف انداز کی کرکٹ کھیلنا پڑتی ہے اور بہتری کی ہمیشہ گنجائش رہتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وائٹ بال اور ریڈ بال کرکٹ کے لیے تین ماہ کا کیمپ لگایا جا رہا ہے اور جتنے طویل کیمپ ہوں گے اتنا ہی فائدہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

پاکستان اکتوبر میں پہلی بار بلی جین کنگ کپ کی میزبانی کرے گا

پی ٹی ایف ایونٹ کے کامیاب اور اعلی معیار کے انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان اکتوبر میں پہلی بار بلی جین کنگ کپ کی میزبانی کر کے ایک نئی تاریخ رقم کرنے جا رہا ہے جس میں ایشیا کی 10 خواتین ٹینس ٹیمیں شرکت کریں گی۔ یہ اعلان پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) نے اتوار کو کیا۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی نے ایک وی لاگ میں کہا کہ پاکستان کی کھیلوں کی تاریخ میں پہلی بار ایشیا کی 10 خواتین ٹینس ٹیمیں ہمارے ملک آ کر مقابلہ کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایونٹ پاکستانی لڑکیوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور عالمی رینکنگ بہتر بنانے کا ایک منفرد موقع ثابت ہوگا۔ ٹورنامنٹ 19 سے 25 اکتوبر تک منعقد ہوگا جس میں ایشیا بھر سے ٹیمیں شرکت کریں گی اور اسے پاکستان میں خواتین ٹینس کے لیے ایک تاریخی موقع قرار دیا جا رہا ہے۔ اعصام الحق قریشی نے کہا کہ انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن (آئی ٹی ایف) کی جانب سے پاکستان کو اس عالمی ایونٹ کی میزبانی سونپنا اس بات کا ثبوت ہے کہ عالمی برادری کو پاکستان کی بڑے مقابلوں کے انعقاد کی صلاحیت پر بڑھتا ہوا اعتماد حاصل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی ایف ایونٹ کے کامیاب اور اعلی معیار کے انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کو بھی نمایاں کرے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خواتین کھلاڑیوں کو مرد کھلاڑیوں کے برابر مواقع، پلیٹ فارم اور شناخت فراہم کی جائے گی۔ اعصام الحق قریشی نے کہا کہ فٹبال، ہاکی اور والی بال سمیت دیگر کھیلوں میں اتنی بڑی تعداد میں بین الاقوامی خواتین ٹیموں کی شرکت کم ہی دیکھنے میں آئی ہے جس سے اس ٹورنامنٹ کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ویمنز ٹیم کو ہوم گراؤنڈ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بہترین کارکردگی دکھانے اور گروپ تھری سے گروپ ٹو میں ترقی حاصل کرنے کے لیے بھرپور معاونت فراہم کی جائے گی۔ اس ٹورنامنٹ کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ویمنز ٹیم کو ہوم گراؤنڈ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بہترین کارکردگی دکھانے اور گروپ تھری سے گروپ ٹو میں ترقی حاصل کرنے کے لیے بھرپور معاونت فراہم کی جائے گی۔

قومی ویمن ٹیم 25 مئی کو آئرلینڈ کیلئے روانہ ہوگی

قومی ویمنز کرکٹ ٹیم کی ٹریننگ نیشنل کرکٹ اکیڈمی اور ایل سی سی اے گراؤنڈ میں ہوگی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کا پری ٹور کیمپ 20 سے 23 مئی تک لاہور میں ہوگا۔ قومی ویمنز کرکٹ ٹیم کی ٹریننگ نیشنل کرکٹ اکیڈمی اور ایل سی سی اے گراؤنڈ میں ہوگی، پاکستان ویمن ٹیم 25 مئی کی صبح آئرلینڈ کیلئے روانہ ہوگی، پاکستان ویمنز ٹیم میزبان آئرلینڈ اور ویسٹ انڈیز کے ساتھ 3 ملکی ٹی 20 سیریز کھیلے گی۔ سہ ملکی ٹی 20 سیریز 28 مئی سے 4 جون تک کھیلی جائیگی، پاکستان ویمنز ٹیم ٹی 20 ورلڈ کپ کے لئے آئرلینڈ سے انگلینڈ پہنچے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

باسکٹ بال کی عالمی تنظیم فیبا کے وفد کا دورہ پاکستان مکمل

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) باسکٹ بال کی عالمی تنظیم فیبا کے اعلیٰ سطح کے وفد کا دورہ پاکستان مکمل ہوگیا۔ فیبا کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایشیا ہیگوپ خاجیریان کی قیادت میں وفد نے وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل محی الدین وانی، پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر (ر) منصور افتخار، سیکرٹری خالد بشیر، امتیاز رفیع بٹ، وج ظہور سمیت پاکستان اولمپک ایسوسی کی قیادت سے ملاقاتیں کی جس میں پاکستان میں باسکٹ بال کھیل کے فروغ اور ترقی کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ہیگوپ خاجیریان کا کہنا تھا کہ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کو مزید مضبوط اور بااختیار بنانا فیبا کی حکمتِ عملی کا اہم ستون ہے۔

☆☆☆☆☆

فیبا کی پاکستان میں باسکٹ بال کی ترقی کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش

فیبا وفد کی حکومت، پی او اے، فیڈریشن حکام سے اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) باسکٹ بال کی عالمی تنظیم فیبا کے اعلیٰ سطح کے وفد کا دورہ پاکستان مکمل ہوگیا، وفاقی حکومت، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے حکام سے ہونیوالی ملاقاتوں میں پاکستان میں باسکٹ بال کے فروغ اور ترقی کیلئے بھرپور تعاون کرنے کی پیشکش کردی۔ تفصیلات کے مطابق فیبا کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایشیا ہیگوپ خاجیریان کی قیادت میں وفد نے وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل محی الدین وانی، پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے صدر بریگیڈیئر منصور افتخار، سیکرٹری خالد بشیر، سینئر نائب صدر امتیاز رفیع بٹ، فیڈرل باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری اوج ظہور سمیت پاکستان اولمپک ایسوسی کی قیادت سے ملاقاتیں کی جس میں پاکستان میں باسکٹ بال کھیل کے فروغ اور ترقی کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ہیگوپ خاجیریان نے کہا کہ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کو مزید مضبوط اور بااختیار بنانا فیبا کی حکمتِ عملی کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں ایک اہم قومی فیڈریشن کی حیثیت رکھتا ہے اور فیبا پاکستان میں باسکٹ بال کے فروغ کے لیے مکمل تعاون جاری رکھے گا۔ پاکستان کی کھیلوں کے اسٹیک ہولڈرز کیساتھ انتہائی مثبت اور نتیجہ خیز بات چیت ہوئی، جس میں پاکستان کو بین الاقوامی باسکٹ بال کے نقشے پر نمایاں مقام دلانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ فیبا ریجنل آفس ایشیا نے پاکستان میں باسکٹ بال کی ترقی کے لیے اپنی مکمل حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ پاکستان کی کھیلوں کے اسٹیک ہولڈرز کیساتھ انتہائی مثبت اور نتیجہ خیز بات چیت ہوئی، جس میں پاکستان کو بین الاقوامی باسکٹ بال کے نقشے پر نمایاں مقام دلانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ فیبا ریجنل آفس ایشیا نے پاکستان میں باسکٹ بال کی ترقی کے لیے اپنی مکمل حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

آسٹریلیا کیخلاف سیریز کیلئے اچھی تیاری کر رہے ہیں، مائیک ہیسن

کہ کیمپ میں وارم اپ میچ کھیل رہے ہیں، یہاں نئے کھلاڑی آئے ہیں جن کے ساتھ وقت نہیں گزارا تھا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان وائٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ آسٹریلیا کے خلاف سیریز کیلئے اچھی تیاری کر رہے ہیں۔ وائٹ بال کیمپ کے دوران گفتگو میں ہیڈ کوچ نے کہا کہ کیمپ میں وارم اپ میچ کھیل رہے ہیں، یہاں نئے کھلاڑی آئے ہیں جن کے ساتھ وقت نہیں گزارا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ نئے اور پرانے کھلاڑیوں کو جاننے کا اچھا موقع ہے، گرمی بہت ہے درجہ حرارت 43 ڈگری ہے مگر کھلاڑی اچھی ٹریننگ کر رہے ہیں۔ مائیک ہیسن نے کہا کہ ذاتی طور پر پاکستان میں واپس آ کر اچھا لگ رہا ہے، واپس آنے سے قبل مجھے کچھ صحت کے مسائل تھے۔ انہوں نے کہا کہ

پی ایس ایل دیکھ کر بہت انجوائے کیا، کچھ نئے کھلاڑی سامنے آئے ہیں، ایک سائیڈ پر شارٹ باونڈریز رکھی ہیں جو بولرز کے لیے ایک چیلنج ہوگا۔ پاکستان وائٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے لیے اچھی تیاری کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

شوبز ڈیسک

صحیفہ جبار اپنے نئے ہیئر کٹ پر ہونے والی تنقید پر پھٹ پڑیں

مردوں سے کیوں نہیں پوچھا جاتا کہ انہوں نے بال کیوں کٹوائے ہیں، اداکارہ

پاکستانی ماڈل و اداکارہ صحیفہ جبار خٹک ایک بار پھر اپنی سوشل میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ حال ہی میں صحیفہ جبار خٹک نے اپنے نئے ہیئر کٹ پر ہونے والی تنقید پر ردعمل دیتے ہوئے سوال اٹھایا کہ خواتین کو ہمیشہ مردوں کے مقابلے میں مختلف معیار پر کیوں پرکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مردوں سے کبھی یہ نہیں پوچھا جاتا کہ انہوں نے بال کیوں کٹوائے ہیں مگر خواتین سے ان کے لباس، تعلیم، شادی اور کیریئر سے متعلق سوالات کیے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں گزشتہ چند ماہ کے دوران سب سے زیادہ تنقید خواتین کی جانب سے ہی ملی ہے جبکہ ملک میں خواتین سے متعلق سنگین مسائل کہیں زیادہ توجہ کے مستحق ہیں۔ دوسری جانب اداکارہ کی ایک نئی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے جس میں وہ کولڈ پلنج واٹر ایکسرسائز کرتی دکھائی دیں۔ ویڈیو میں وہ جم لباس میں برفیلے پانی میں ورزش سے لطف اندوز ہو رہی تھیں، جبکہ کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ لوگ بھی کولڈ پلنج واٹر کی طرح ٹھنڈے رہیں۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل دیکھنے میں آیا۔ بعض افراد نے ان کے بدلتے انداز اور طرز زندگی کو تنقید کا نشانہ بنایا، جبکہ کچھ نے اسے مغربی ثقافت کی تقلید قرار دیا۔ ایک صارف نے لکھا کہ وہ پہلے زیادہ خوبصورت لگتی تھیں جبکہ دوسرے نے کہا کہ ایسی حرکات کے بعد تنقید پر اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ تاہم کئی

مداحوں نے صحیفہ جبار خٹک کی حمایت کرتے ہوئے مقف اختیار کیا کہ ہر شخص کو اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزارنے کا حق حاصل ہے اور سوشل میڈیا پر ذاتی تنقید سے گریز کیا جانا چاہیے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی اداکارہ اپنے متنازع بیانات کے باعث خبروں میں رہ چکی ہیں، جس کے بعد سوشل میڈیا پر ان کے خلاف شدید ردعمل دیکھنے میں آیا تھا۔ جس کے بعد سوشل میڈیا پر ان کے خلاف شدید ردعمل دیکھنے میں آیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

موسیقار اے حمید کو مداحوں سے بچھڑے 34 برس بیت گئے

ان کے والد شیخ محمد منیر موسیقی کا اعلی ذوق رکھتے تھے یوں اے حمید میں بھی موسیقی اور گائیکی کا شوق پیدا ہو

لاہور (شوبز نیوز) فلم انڈسٹری کے معروف موسیقار اے حمید کو مداحوں سے بچھڑے 34 برس بیت گئے۔ لازوال اور سدا بہار دھنیں تخلیق کرنے والے شیخ عبدالحمید کو فلمی صنعت میں اے حمید کے نام سے جانا جاتا ہے، وہ 1924 میں امرتسر میں پیدا ہوئے، ان کے والد شیخ محمد منیر موسیقی کا اعلی ذوق رکھتے تھے یوں اے حمید میں بھی موسیقی اور گائیکی کا شوق پیدا ہوا اور انہوں نے اسی فن میں نام و مقام بنایا۔ فلمی دنیا میں موسیقار کی حیثیت سے ان کی شہرت کا آغاز ہدایت کار ایس ایم یوسف کی فلم سہیلی سے ہوا۔ اے حمید کی دیگر نمایاں فلموں میں رات کے راہی، اولاد، آشیانہ، شریک حیات، پیغام، دوستی، جواب دو، ثریا بھوپالی، بیگم جان اور نیا انداز شامل ہیں۔ اے حمید نے بہترین موسیقار کا نگار ایوارڈ بھی حاصل کیا۔ موسیقار اے حمید کی موسیقاری میں بننے والے گیت آج بھی مقبول ہیں۔ اے حمید 20 مئی 1991 کو انتقال کر گئے۔ انہیں راولپنڈی کے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

یاسر نواز مجھ سے عمر میں سات سال بڑے ہیں، اداکارہ ندا یاسر

مجھے اکثر مختلف معاملات میں اپنے شوہر یاسر نواز سے اجازت لینا پڑتی ہے

اسلام آباد (شوبز نیوز) معروف مارننگ شو میزبان اور اداکارہ ندا یاسر نے اپنے شوہر اور ہدایتکار یاسر نواز کے مزاج سے متعلق دلچسپ انکشافات کیے ہیں۔ انہوں نے ایک حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ جب یاسر نواز نے انہیں شادی کی پیشکش کی تو وہ ابتدا میں زیادہ متاثر نہیں ہوئیں۔ ان کے مطابق یاسر ان سے عمر میں تقریباً سات سال بڑے ہیں اور ان کی شخصیت اور داڑھی کی وجہ سے وہ انہیں ابتدا میں کافی سنجیدہ اور قدرے خوفناک محسوس ہوئے۔ اداکارہ نے گفتگو کے دوران یہ بھی کہا کہ ان کے والدین کا رشتہ نسبتاً برابری پر مبنی تھا، جہاں ان کی والدہ کو زیادہ پابندیوں کا سامنا نہیں تھا۔ تاہم اپنی ازدواجی زندگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے نادیہ نے کہا کہ انہیں اکثر مختلف معاملات میں اپنے شوہر یاسر نواز سے اجازت لینا پڑتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

بشریٰ انصاری نے زندگی کی 70 بہاریں دیکھ لیں، سالگرہ کی تصاویر وائرل

اداکارہ نے اپنی رہائش گاہ پر تقریب میں قریبی دوستوں کے ہمراہ کیک کاٹا

پاکستانی شوبز کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری کی 70 ویں سالگرہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ رپورٹس کے مطابق 15 مئی کو بشریٰ انصاری نے اپنی رہائش گاہ پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا جس میں شوبز انڈسٹری کے قریبی ساتھیوں کو مدعو کیا گیا۔ تقریب میں روبینہ اشرف، یمنیٰ زیدی، نعمان اعجاز، عمران اشرف، زاویار نعمان اور سید جبران اپنی اہلیہ کے ہمراہ شریک ہوئے۔ تقریب کی خاص بات یہ رہی کہ بشریٰ انصاری نے مہمانوں کیلئے خود گھر پر کھانے کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر ان کے شوہر اقبال حسین نے بھی دوستوں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے آ کر اس خوشی کو مزید یادگار بنایا۔ اداکارہ نے اپنی سالگرہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کیں، جن میں انہوں نے اپنے قریبی دوستوں کے ساتھ خوشگوار لمحات کو مداحوں کے ساتھ شیئر کیا۔ تصاویر کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ یہ ان کی سالگرہ کی یادگار رات تھی جسے انہوں نے اپنے پسندیدہ دوستوں کے ساتھ گزارا۔ ان کی سالگرہ پر شوبز شخصیات سمیت مداحوں اور عام سوشل میڈیا صارفین نے بھی انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کی صحت مند اور طویل عمر کیلئے دعائیں کیں۔ واضح رہے کہ بشریٰ انصاری پاکستان ٹیلی ویژن اور فلم انڈسٹری کا ایک بڑا نام ہیں، جنہوں نے اداکاری، میزبانی، گلوکاری اور تحریر کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ ان کے حالیہ ڈراموں کو بھی ناظرین کی جانب سے خوب پذیرائی ملی ہے۔

سوشل میڈیا پر مجھ سے منسوب بیان جھوٹا اور من گھڑت ہے، عائشہ عمر

دھوکا دہی اور غیر ازدواجی تعلقات میرے نزدیک مکمل طور پر ناقابل قبول ہیں، اداکارہ

لاہور (این این آئی) اداکارہ عائشہ عمر نے سوشل میڈیا پر ان سے منسوب کیے جانے والے متنازع بیان کی سختی سے تردید کرتے ہوئے اسے جھوٹا اور من گھڑت قرار دے دیا۔ گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا پر ایک بیان وائرل ہو رہا تھا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ عائشہ عمر نے کہا ہے کہ جو مرد گھروں میں سکون نہیں پاتے، انہیں غیر ازدواجی تعلقات قائم کر لینے چاہئیں۔ اس حوالے سے عائشہ عمر نے انسٹاگرام پر وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ نہ کبھی ایسی سوچ رکھ سکتی ہیں اور نہ ہی ایسا بیان دے سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھوکا دہی اور غیر ازدواجی تعلقات ان کے نزدیک مکمل طور پر ناقابل قبول ہیں اور یہ ان کی شخصیت اور اقدار کے خلاف ہے۔ اداکارہ نے صارفین سے اپیل کی کہ کسی بھی خبر یا بیان کو آگے بڑھانے سے پہلے اس کے ذرائع کی تصدیق ضرور کریں اور کسی کی ساکھ متاثر کرنے کیلئے جھوٹی معلومات پھیلانے سے گریز کریں۔ واضح رہے کہ عائشہ عمر پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل ہیں، جنہوں نے متعدد مقبول ڈراموں میں اپنی اداکاری کے ذریعے شہرت حاصل کی۔ واضح رہے کہ عائشہ عمر پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل ہیں، جنہوں نے متعدد مقبول ڈراموں میں اپنی اداکاری کے ذریعے شہرت حاصل کی۔

سلمان خان نے اپنی حالیہ پوسٹ سے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا

سلمان خان آج بھی ویسے ہی ہیں جیسے برسوں پہلے تھے، ان کا انداز کبھی نہیں بدلا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان نے اپنی حالیہ پوسٹ سے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا، جہاں انہوں نے اپنی تنہائی پر مبہم مگر جذباتی انداز میں اظہارِ خیال کیا۔ سلمان خان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی فٹ باڈی کی ایک تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ اپنے آپ کے ساتھ رہنے کے 2 طریقے ہیں، اکیلے اور تنہا، اکیلے رہنا آپ کا اپنا انتخاب ہوتا ہے اور تنہا جب کوئی آپ کے ساتھ نہیں رہنا چاہتا۔ اداکار نے مزید لکھا کہ اب اس کے بعد لوگ خود سمجھ جائیں کہ انہیں کیا کرنا چاہیے۔ اس پوسٹ کے بعد مداحوں نے کمنٹ سیکشن میں اداکار کے لیے محبت اور حمایت کا اظہار کیا، کئی صارفین نے 60 برس کی عمر میں بھی ان کی فٹنس اور شخصیت کو سراہا، جبکہ کچھ مداحوں نے ان کے الفاظ کو ان کی ادھوری محبت اور تنہائی سے جوڑ دیا۔ ایک مداح نے لکھا کہ بھائی، آپ حقیقی زندگی کے فائٹر ہیں، آپ ہم سب کو حوصلہ دیتے ہیں، جبکہ ایک اور صارف نے کہا کہ سلمان خان آج بھی ویسے ہی ہیں جیسے برسوں پہلے تھے، ان کا انداز کبھی نہیں بدلا۔ دوسری جانب سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد اداکار کی فٹنس کی تعریف کرتی دکھائی دی، جبکہ بعض نے ان کے پیغام کو جذباتی تنہائی کا اشارہ قرار دیا۔ واضح رہے کہ سلمان خان ان دنوں اپنی نئی فلم کی تیاریوں میں مصروف ہیں، جو عید 2027 پر ریلیز کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 1

کو بھی سراہا۔ محرم الحرام انتظامات پر جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کہا کہ توجہ، لگن اور محنت سے کام کرنے والے تمام افسران اور اہلکار شاباشی کے مستحق ہیں۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ، انٹیلی جنس، پولیس، سپیشل برانچ، سی سی ڈی اور انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نے زبردست کام کیا۔ تمام اضلاع کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اور آر پی اوز نے بہترین کام کیا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ تمام ڈیپارٹمنٹ نے عمدہ کام کیا ہے۔ تمام محکمہ جات نے بہترین اور ہم آہنگی اور محنت سے کام کیا۔ پہلی بار قربانی پر پنجاب بھر میں صفائی کے بہترین انتظامات دیکھنے کو ملے۔ تمام ڈیپارٹمنٹ نے ہوائی باتوں کی بجائے حقیقی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ عوام کے تحفظ اور خدمت کا نیا معیار قائم کیا گیا ہے۔ ہوم منسٹر اور ہوم سیکرٹری کو عمدہ کارکردگی پر شاباش دینا چاہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے پہلی بار صاف ستھرا پنجاب دیکھا، کہیں گندگی کے انبار نظر نہیں آئے، بنسٹر بلدیات اور پوری ٹیم کو شاباش دیتی ہوں۔ پچھلی عید سے یہ عید بہتر تھی، پچھلے محرم سے یہ محرم سہولت، انتظامات اور ہر لحاظ سے بہتر نہیں بلکہ بہترین ہونا چاہیے۔ پچھلے سال کے انتظامات کو اس سال مزید بہتر اور شاندار ہونا چاہیے۔ عین سخت دوپہر کے وقت گرمی کے دوران جلوس کے روٹس پر چھڑکاؤ کے طریقہ کار کا جائزہ لیں گے۔ حساس علاقوں میں خصوصی طور پر حفاظتی اقدامات ضروری ہیں۔ پنجاب میں ہر ایک مجلس اور جلوس کی سی سی ٹی وی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ علماء کرام رائے عامہ کے لیڈر ہیں، ان کے تعاون پر مشکور ہوں۔ ایران پر اسرائیلی حملوں کی وجہ سے لوگوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ ایران میں ظلم کی وجہ سے تمام مسلمان تکلیف میں ہیں، اس موقع پر سخت روی اختیار کرنا مناسب امر نہیں۔ عام آدمی اور کریمنلز میں فرق کرنا بہت ضروری ہے، مجرموں سے رعایت نہیں کرنی چاہیے لیکن عام آدمی کے ساتھ اچھا سلوک ہماری ذمہ داری ہے۔ تمام مذاہب اور تمام مسالک کے لوگوں کو عزت و احترام دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ جلوس اور مجالس کے شرکا کے چھوٹے چھوٹے مسائل سننا اور حل کرنا ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ تین درجاتی سیکورٹی قائم کی گئی ہے، چیکنگ اور مانیٹرنگ ضروری ہے۔ پچھلے سال ہونے والے اسلام آباد سانحہ کی وجہ سے مختلف درجات پر سیکورٹی ضروری ہے۔ تمام ڈی پی او اور آر پی اوز فیلڈ فارمیشن پولیس کو خودکش حملہ آور کو گرم چادر اور دیگر علامات سے پہچاننے کی تربیت دی جائے۔ فیلڈ فارمیشن کو ہر صورت الارمنگ اور ہائی الرٹ کی صورت میں تیار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کیو آر کوڈ پینک بٹن لگانے پر سیف سٹی حکام کو شاباش دیتی ہوں۔ مجالس اور جلوس کے شرکا کے لئے کیو آر کوڈ ڈاؤن لوڈ کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ ایمرجنسی کی صورت میں کیو آر کوڈ، پینک بٹن دبانے سے ایمرجنسی سسٹم فعال ہو جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام مسالک کی مساجد حکومت پنجاب کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ آئمہ کرام سے محرم الحرام امن و امان اور عقیدت و احترام سے منانے کی اپیل کرتی ہوں۔ مشکوک فرد یا حرکت کی صورت میں پولیس کو فوری طور پر اطلاع دی جائے۔ سول ڈیفنس کو بھی فیلڈ فارمیشن شامل رکھا جائے۔ عاشورہ ایام میں سیکورٹی کیلئے فرضی مشقیں بھی کی جائیں گی۔ محرم الحرام میں سیکورٹی کے تمام ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائے جائے۔ ہر ضلع میں کنٹرول روم قائم ہیں، کنٹرول روم میں ہر صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات موجود ہونے چاہئیں۔ ڈرون اڑانے پر پابندی ہے تاہم پولیس اور انتظامیہ سیکورٹی کیلئے ڈرون استعمال کرنے کی مجاز ہے۔ سیکورٹی کیلئے ٹیکنالوجی کو پوری طرح استعمال کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہر میں سیف سٹی کی 9080/ فیصد کوریج ہے، جہاں کوریج نہیں وہاں پرائیویٹ کیمروں کو سیف سٹی سے لنک کیا جائے۔ لاؤڈ سپیکر پر پابندی پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے، بعض مقامات پر اب بھی لاؤڈ سپیکر کا غیر قانونی استعمال کیا جا رہا ہے۔ کومبنگ آپریشن جاری رہنے چاہئیں، جس سے انفارمیشن ملتی ہے، متعلقہ ڈیپارٹمنٹس کو اشتراک کار یقینی بنانا چاہیے۔ انٹیلی جنس شیئرنگ اور کوآرڈینیشن کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گرمی کے موسم میں لوگوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے، ریسکیو 1122، آگ بجھانے والے آلات سمیت ہر چیز لائن اپ ہونی چاہیے۔ محرم الحرام روٹس میں ہوٹل اور سرائے وغیرہ کی پوری مانیٹرنگ کی جانی چاہیے۔ محرم الحرام روٹس میں کھلے مین ہول، آوارہ کتے وغیرہ نظر نہ آئیں۔ نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے، اشتعال انگیزی کرنے والوں کو روکنا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے حکم دیا کہ محرم الحرام کے دوران بہترین ٹریفک مینجمنٹ کی جائے تاکہ عوام کو دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ستھرا پنجاب کی ٹیموں کو روٹس کی صفائی، چھڑکاؤ اور خوشبو وغیرہ کا اہتمام کرنا چاہیے۔ اعزا داروں اور مجالس کے شرکا کو احساس دلانا چاہیے کہ حکومت ان کے ساتھ ہے۔ پنجاب گرمی کی شدید لہر سے گزر رہا ہے، حکومت پنجاب کی طرف سے تمام روٹس پر ٹھنڈے پانی اور شربت کی سبیلیں لگائی جائیں۔ پنجاب بھر میں ایک ہی طرز پر ٹھنڈے پانی اور شربت کی سبیلیں لگائی جائیں۔ محرم الحرام کے روٹس پر پانی کا چھڑکاؤ کرنا چاہیے، روٹس کی نشاندہی کیلئے سائن بورڈ بھی لگائے جائیں۔ محرم الحرام کے روٹس کو تعمیراتی میٹریل سمیت دیگر رکاوٹوں سے پاک کر کے کلیئر کیا جائے۔ روٹس کے راستوں پر کھلے مین ہولز اور سیوریج وغیرہ کو آج ہی کور کیا جائے۔ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر حکام کو متنبہ کر رہی ہوں، کوئی کھلا مین ہول نظر نہ آئے۔ مین ہول کے اندر نیٹ لگانے کی ہدایت کی گئی تھی اس کی چیکنگ جلد کی جائے گی۔ روٹس پر اعزا داروں کیلئے ریسکیو 1122، کلینک آن ویل اور فیلڈ ہسپتال بھی موجود ہونے چاہئیں۔

بقیہ 2

نے بنایا ہے یا آئی ایم ایف نے؟ مسلم لیگ والوں کو بھی بجٹ والے دن پتا چلا ہوگا کہ بجٹ کیا ہے۔ سینیٹ اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ آئی ایم ایف سے تیار شدہ بجٹ آیا ہے، اس میں آپ ذرا تبدیلی نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کو جب اقتدار ملتا ہے ان کے رویے بدل جاتے ہیں، محسن نقوی یا محمد اورنگزیب کو تو ہم نے کبھی (ن) لیگ میں نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پی ڈی ایم کا وقت ان لیگ کے ساتھ گزارا، پھر انہوں نے اندرون خانہ معاہدے کر لیے، مسلم لیگ (ن) نے پی ڈی ایم میں ہماری پیٹھ میں چھرا گھونپا، مسلم لیگ (ن) کی حکومت مفلوج ہے، جو ہو رہا ہے وہ نواز شریف کی سوچ نظریہ نہیں۔ بجٹ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ موجودہ بجٹ پاکستانی عوام کیساتھ مذاق ہے، بجٹ میں ٹیکس اور قرض کے علاوہ کیا ہے۔ آپ نے خیبر پختونخوا کو کیا دیا؟ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کام نہ کرنے کی تنخواہ لیتے ہیں اور کام کرنے کی رشوت۔ سربراہ اے این پی نے سوال اٹھایا کہ 140 کاروبار کو آپ ٹیکس کے اندر کیوں نہیں لاتے؟

بقیہ 3

جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے، آئینی اصولوں کے تحفظ اور بنیادی حقوق و آزادیوں کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔ وہ پیر کو پاکستان میں سیاسی، سول، اقتصادی اور ڈیجیٹل آزادیوں سے متعلق رپورٹ 2026 کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب کا اہتمام مشال پاکستان نے انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) کے اشتراک سے کیا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ بنیادی آزادیوں اور جمہوری اقدار کا فروغ ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آئین میں دیئے گئے حقوق کے تحفظ اور شفاف طرز حکمرانی کے فروغ کے لئے مسلسل کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ تقریب میں پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، سول سوسائٹی کے نمائندوں، میڈیا پروفیشنلز اور مختلف شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان میں سیاسی، سول، اقتصادی اور ڈیجیٹل آزادیوں کی موجودہ صورتحال اور درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رپورٹ میں جمہوری طرز حکمرانی، شہری امور، اقتصادی مواقع اور ڈیجیٹل حقوق سے متعلق اہم اشاریوں کا جامع جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ شرکا نے شہری شمولیت، جامع ترقی اور ڈیجیٹل حقوق کے فروغ سے متعلق مواقع اور چیلنجز پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے جمہوری اقدار کے فروغ، بنیادی آزادیوں کے تحفظ اور ترقی پسند و خوشحال پاکستان کے لئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 4

تربیتی طیارے کے المناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے جس کے نتیجے میں دو بہادر پائلٹس، فلائٹ لیفٹیننٹ محمد قاسم عبداللہ اور لیفٹیننٹ طہ عباسی شہید ہو گئے۔ پیر کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے یہ بہادر سپوت اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانی دے کر قوم کے لئے مثال قائم کر گئے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اس دکھ کی گھڑی میں شہدا کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ قوم پاک فضائیہ کی خدمات، قربانیوں اور دفاع وطن کے لئے اس کے عزم کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے شہدا کے اہلخانہ اور پاک فضائیہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کی توفیق اور صبر جمیل دے۔

بقیہ 5

تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں صدرِ مملکت نے حادثے میں فلائٹ لیفٹیننٹ محمد قاسم عبداللہ اور لیفٹیننٹ طہ عباسی کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے شہدا کے درجات کی بلندی اور اہلِ خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ قوم وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے غمزدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 6

بڑھانے کی بجائے صوبوں کے مالی حقوق کا تحفظ کیا جائے، صوبوں کو وسائل دیے بغیر صحت، تعلیم اور فلاحی اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے، آئندہ بجٹ سے قبل جنوری سے ہی تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے، پاکستان نے بیک ڈور، سائیڈ چینل ڈپلومیسی سے ناممکن کو ممکن بنایا، اسرائیل سیز فائر کوششوں کو ناکام بنانا چاہتا تھا مگر کامیاب نہ ہو سکا، آبنائے ہرمز کھلنے سے توانائی کی فراہمی اور قیمتوں میں بہتری آئے گی، غربت کا شکار عوام کو عالمی قیمتوں میں کمی سے ریلیف ملے گا، ٹیکس نیٹ کو وسعت دے کر تجارت، سروس سیکٹر کو دائرہ کار میں لایا جائے۔ پیر کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ پوری قوم کو آج کے قابل فخر دن پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف زرداری، فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین بلاول بھٹو اور قیادت کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایران۔ امریکا تنازع میں امن کے لیے اہم کردار ادا کیا، دنیا بھر سے ہماری سفارتی کوششوں کو سراہا جا رہا ہے، دعا ہے ایران۔ امریکا معاہدے پر جمعہ کو دستخط ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل سیز فائر کوششوں کو ناکام بنانا چاہتا تھا مگر کامیاب نہ ہو سکا، پاکستان نے بیک ڈور اور سائیڈ چینل ڈپلومیسی سے ناممکن کو ممکن بنایا۔ شیری رحمن نے کہا کہ آبنائے ہرمز کھلنے سے توانائی کی فراہمی اور قیمتوں میں بہتری آئے گی، غربت کا شکار عوام کو عالمی قیمتوں میں کمی سے ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ 18 کھرب روپے کے بجٹ میں متوسط اور مظلوم طبقے کو ریلیف ملنا چاہیے، پٹرولیم لیوی عارضی طور پر لگائی گئی تھی، اسے مستقل نہ بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لیوی اور ٹیکس میں فرق ہے، لیوی کی رقم صوبوں کو منتقل نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم اور سماجی شعبوں پر اخراجات کی ذمہ داری صوبوں پر ہوتی ہے، ٹیکسوں کو لیویز میں تبدیل کرنے سے صوبوں کے مالی وسائل محدود ہو رہے ہیں، پٹرولیم لیوی حقیقت میں سیلز ٹیکس کی نوعیت رکھتی ہے مگر اسے مسلسل بڑھایا جا رہا ہے، کاربن ٹیکس کے بجائے کاربن لیوی نافذ کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کم اور صوبوں پر کٹوتیاں زیادہ کی گئی ہیں، صوبائی وسائل میں کمی سے ترقیاتی اور سماجی پروگرام متاثر ہو رہے ہیں۔ شیری رحمن نے کہا کہ قومی سلامتی اور دفاعی بجٹ کی ضروریات سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دے کر تجارت اور سروس سیکٹر کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے، پاکستان کو ٹیکسیشن بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔ شیری رحمن نے کہا کہ سروسز سیکٹر میں صوبے ایف بی آر سے بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، بجٹ کا 8.42 فیصد حصہ قرضوں کے سود کی ادائیگی میں جا رہا ہے، خواتین کے پیڈز اور مانع حمل مصنوعات پر سیلز ٹیکس ختم کرنا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بے روزگاری کی شرح سات فیصد ہے، وفاقی حکومت کو اپنے اخراجات میں نمایاں کمی لانی چاہیے، وفاقی حکومت کے اخراجات پی ایس ڈی پی سے بھی زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں سرکاری اداروں کیلئے 451 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، مالی سال 2025 میں سرکاری اداروں کے نقصانات 8.832 ارب روپے تک پہنچ گئے جبکہ مجموعی اخراجات 563.6 کھرب روپے ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی ایک حقیقت ہے جو شدید وسائل کی کمی پیدا کر رہی ہے، کلائمیٹ کے نام پر لیوی تو لی جا رہی ہے مگر اس رقم کا مطلوبہ استعمال نہیں ہو رہا، بجٹ میں کمی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اب کپاس، گندم اور چینی درآمد کر رہا ہے، یہ وہ اجناس ہیں جنہیں پاکستان ماضی میں برآمد کیا کرتا تھا، ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات مستقبل میں مزید شدید ہوں گے، شیری رحمن نے کہا کہ محصولات کے نام پر لیویز بڑھانے کے بجائے صوبوں کے مالی حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کو وسائل دیے بغیر صحت، تعلیم اور فلاحی اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے، آئندہ بجٹ سے قبل جنوری سے ہی تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے۔

بقیہ 7

سکتی ہے۔ ہوا کی قابل تجدید قوت سے بجلی کی پیداوار کے امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں تھل کے علاقے میں ونڈ انرجی سے توانائی کے حصول کے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ ہواؤں کا عالمی دن توانائی کے حصول کے روایتی ذرائع سے ہٹ کر سوچنے کا موقع دیتا ہے۔ پنجاب میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ سے ونڈ انرجی کے حصول کیلئے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا۔ نئی نسل کو صحت مند، پاکیزہ اور معطر ہوائیں دینا چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہواؤں کا عالمی دن منانے کا مقصد ہوا کی لامحدود توانائی، استعمال اور قابلِ تجدید توانائی کے بارے میں عوامی شعور بیدار کرنا ہے۔ ہوا سے حاصل ہونیوالی بجلی ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر کاربن کا اخراج کم کرنے اور موسمیاتی تبدیلی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ 8

قونصلر نے وزارتِ ریلوے میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور روس کے درمیان ریلوے کے شعبے میں تعاون کے فروغ، سرمایہ کاری کے مواقع اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان روس کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان ریلوے کے شعبے میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے میں سرمایہ کاری، ریلوے انفراسٹرکچر کی بہتری، ٹریک اپ گریڈیشن، سگنلنگ سسٹمز کی جدید کاری اور آپریشنل استعداد میں اضافے کے لیے روسی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان ریلوے کی جدید کاری کے لیے روس کے تجربے، مہارت اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے روسی کمپنیوں کو پاکستان ریلوے کے مختلف ترقیاتی منصوبوں میں شمولیت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اس تعاون سے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی روابط مزید مستحکم ہوں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ وہ روس کے ریلوے نظام، جدید ٹیکنالوجی اور بہترین عملی تجربات کا قریب سے جائزہ لینے کے لیے مستقبل قریب میں روس کا دورہ کرنا چاہیں گے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی تعاون اور تجربات کے تبادلے کو مزید فروغ ملے گا۔ روسی ٹریڈ قونصلر نے پاکستان ریلوے کی ترقی اور جدید کاری کے لیے روسی تعاون میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ روس پاکستان کے ساتھ ریلوے کے شعبے میں روابط کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی تعاون اور ادارہ جاتی اشتراک مستقبل میں مزید مضبوط ہوگا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقوں نے ریلوے کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دینے، سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے اور باہمی روابط کو مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان اور روس کے درمیان ریلوے تعاون دونوں ممالک کے لیے باہمی فائدے اور اقتصادی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔

بقیہ 9

ادارے فوری حرکت میں آئیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے محرم الحرام کے دوران صوبہ بھر میں تھری ٹیئر (تین درجاتی) سکیورٹی پلان نافذ کرنے کا حکم دیا ہے۔ محرم الحرام کے دوران ڈرونز کے استعمال پر مکمل پابندی عائد، لاؤڈ سپیکر کے غیر قانونی استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔ صوبہ بھر میں کومبنگ آپریشنز اور ریٹیل ٹائم انٹیلیجنس شیئرنگ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ پنجاب حکومت ٹھنڈے اور میٹھے پانی کی سبیلوں سے عزادارانِ حسینؑ کی خدمت کریں۔ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب اتھارٹی کو ہدایت کی ہے کہ مجالس اور جلوس کے راستوں پر خوشبو کے استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں محرم الحرام کے دوران مجموعی طور پر 47 ہزار 280 مجالس اور جلوس منعقد ہوں گے۔ پنجاب بھر میں 37 ہزار 868 مجالس اور 9 ہزار 412 جلوس برآمد ہوں گے۔ محرم الحرام کے دوران صوبے بھر میں 1 لاکھ 25 ہزار 641 پولیس اہلکار سکیورٹی کے فرائض انجام دیں گے۔ سکیورٹی کو فول پروف بنانے کے لیے پاک فوج کی 61 اور رینجرز کی 76 کمپنیاں طلب کر لی گئیں ہیں۔ صوبے بھر کے امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے 30 ہزار 445 تربیت یافتہ رضا کار بھی معاونت کریں گے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی محرم الحرام کے جلوسوں کی لائیو ڈیجیٹل مانیٹرنگ کرے گی۔ سکیورٹی مانیٹرنگ کے لیے صوبہ بھر میں 5 ہزار 623 سے زائد سی سی ٹی وی کیمرے فعال ہیں۔ میدانی حالات پر نظر رکھنے کے لیے 1040 باڈی کیمز اور جدید ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا۔ حساس ترین مقامات پر 1000 سے زائد جدید 4G ایونٹ کیمرے بھی نصب کر دیئے گئے۔ موبائل سروس معطلی کی صورت میں 11 اضلاع کے ہیڈ کوارٹرز میں LTE کوریج فراہم کی جائے گی۔ سیف سٹیز کنٹرول رومز سے 1400 سے زائد افسران چوبیس گھنٹے مانیٹرنگ پر مامور ہوں گے۔ امن دشمن عناصر اور کالعدم تنظیموں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز تیز کرنے کا حکم دیا ہے۔ صوبے بھر میں اب تک 43 ٹارگٹڈ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے جا چکے ہیں۔ محرم الحرام کے دوران مروجہ اور لائسنس یافتہ جلوسوں کے علاوہ کسی نئے جلوس یا روٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ جلوسوں، روٹس اور اوقات کار کی پابندی ہر صورت لازمی ہے اور کسی بھی قسم کی خلاف ورزی پر زیرو ٹولرنس ہوگی۔ نفرت انگیز تقاریر، وال چاکنگ اور اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اشتعال انگیز گفتگو اور وال چاکنگ کے تدارک کے لیے 794 علما کی زبان بندی اور 1418 کے داخلے پر پابندی ہے۔ پنجاب بھر میں امن کمیٹیوں کے تحت مجلس صفِ ماتم پر 1 ہزار 220 کوآرڈینیشن میٹنگز مکمل کر لی گئی ہیں۔ جلوس کے داخلی و خارجی راستوں پر واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز نصب کیے جائیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی محرم الحرام کے جلوسوں کی لائیو ڈیجیٹل مانیٹرنگ کرے گی۔ حالات پر نظر رکھنے کے لیے 1040 باڈی کیمز اور جدید ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا۔ حساس ترین مقامات پر 1000 سے زائد جدید 4G ایونٹ کیمرے بھی نصب کر دیئے گئے ہیں۔ سیف سٹیز کنٹرول رومز سے 1400 سے زائد افسران چوبیس گھنٹے مانیٹرنگ پر مامور ہوں گے۔ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز تیز کرنے کا حکم دیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صوبے بھر میں اب تک 43 ٹارگٹڈ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے جا چکے ہیں۔ شرپسندی پھیلانے والے 359 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا سراغ لگا کر سائبر سپیس میں متحرک کر دی گئی ہیں۔ محرم الحرام کے دوران مروجہ اور لائسنس یافتہ جلوسوں کے علاوہ کسی نئے جلوس یا روٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ نفرت انگیز تقاریر، وال چاکنگ اور اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی عائد۔ پنجاب بھر میں امن کمیٹیوں کے تحت مجلس صفِ ماتم پر 1 ہزار 220 کوآرڈینیشن میٹنگز مکمل کر لی گئی ہیں۔

بقیہ 10

وزیر خارجہ نے اس پورے عمل کے دوران پاکستان کے مستقل مصالحتی کردار اور تعمیری کوششوں کے لیے جاپان کی طرف سے بہت تعریف اور ستائش کا اظہار کیا، جس نے حاصل ہونے والے نتائج کو آسان بنانے اور آگے بڑھانے میں مدد فراہم کی۔ دونوں رہنماؤں نے مسلسل سفارتی رابطوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ دلچسپی کیا مور پر قریبی تعاون اور باقاعدہ تبادلہ خیال جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 11

جانے والے وکلاء کے لواحقین کو ایک لاکھ روپے اضافی دیئے جائیں، سنجیدہ نوعیت کی بیماری کے کیسز میں میڈیکل ریلیف پچاس ہزار سے بڑھا کر ڈیڑھ لاکھ روپے کر دیا گیا۔ پنجاب بار کونسل کا سالانہ بجٹ اجلاس وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین فنانس کمیٹی میاں عبدالقدیر جالپ نے مالی سال 2026-27 کا بجٹ پیش کیا جسے جنرل ہاؤس نے اکثریت رائے سے منظور کر لیا۔ اجلاس میں یکم جولائی 2026 سے ڈگری ویری فکیشن فیس کو ختم کر دیا گیا۔ پنجاب بار کونسل ہائر ایجوکیشن کی ڈگری ویری فکیشن اور ایکویلنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کسی صورت لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا۔ یکم جولائی 2026 کے بعد وفات پا جانے والے وکلاء کے لواحقین کو پنجاب بار کونسل لائرز ویلفیئر فنڈ سے ایک لاکھ روپے اضافی امدادی رقم دی جائے گی۔ اس کے علاوہ ڈیتھ کلیمز کی مد میں مجموعی طور پر ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے کی منظوری بھی دی گئی جو بینولینٹ فنڈ اور گروپ انشورنس سکیم کے علاوہ ہوں گی۔ سنجیدہ نوعیت کی بیماری کے کیسز میں میڈیکل ریلیف پچاس ہزار سے بڑھا کر ڈیڑھ لاکھ روپے کر دیا گیا۔ لائرز ویلفیئر رولز میں ترمیم کے تحت پنجاب بھر کی بار ایسوسی ایشنز کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی وکیل کے انتقال کی صورت میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن تدفین کے اخراجات کے لئے ایک لاکھ روپے جبکہ تحصیل بار ایسوسی ایشن پچاس ہزار روپے فوری امداد فراہم کرے گی۔ ایف بی سکیم میں توسیع کرتے ہوئے چالیس سال تک عمر کے نئے انرول ہونے والے وکلاء کو یکم جولائی 2026 سے کنٹری بیوشن چار لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ 6 لاکھ روپے خصوصی سکیم کا اختیار بھی فراہم کیا گیا ہے۔ چالیس سے پچاس سال اور پچاس سے ساٹھ سال عمر کے وکلاء کو بھی مخصوص کنٹری بیوشن کے تحت سکیم میں شمولیت کی اجازت دی گئی ہے۔ اجلاس میں پاکستان لاء جنرل کی کتب کی فراہمی کے لئے 75 لاکھ روپے، بار ووکیشنل ٹریننگ اور لائرز اکیڈمی کے قیام کے لئے 60 لاکھ جبکہ لائرز لاجز میں لفٹ کی تنصیب کے لئے 20 لاکھ روپے مختص کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔

بقیہ 12

بھرپور کریڈٹ ملنا چاہیے۔ پیر کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی فعال سفارتکاری، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سٹریٹجک بصیرت اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی مسلسل کاوشوں نے امریکا اور ایران امن معاہدے کے حوالے سے پاکستان کا وقار بلند کیا ہے جس سے علاقائی استحکام کو تقویت ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قیادت نے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان امن کا داعی، استحکام کا ضامن اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھنے والا ملک ہے، پوری پاکستانی قوم اپنی قیادت پر فخر کرتی ہے جس نے قومی مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے عالمی امن کے فروغ میں تاریخی کردار ادا کیا ہے، یہ صرف پاکستان ہی کی نہیں بلکہ امن، مکالمے اور انسانیت کی فتح ہے، پوری دنیا اس بریک تھرو کا خیر مقدم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لئے یہ بات قابل فخر ہے کہ امن اور مذاکرات کا فروغ ہی مضبوط، محفوظ اور مستحکم خطے کا ضامن ہے۔

بقیہ 13

نام لیتا رہے گا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ذکر کیے بغیر میری تقریر نامکمل رہے گی، جنگ کے شعلے بجھانے اور قیام امن کے لیے فیلڈ مارشل نے دن رات وقف کر دیے، وہ اس عرصے میں راتوں کو بھی جاگے اور دن کو بھی، امن معاہدے کے نتیجے میں عالمی معاشی استحکام کے ثمرات ہر پاکستانی تک پہنچائیں گے۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے امن معاہدہ طے پانے کے اعلان ک

سمندر پار پاکستانی قیمتی اثاثہ، انکے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح: بیرسٹر امجد ملک

یوم تکبیر قومی عزم، خودمختاری اور دفاعی قوت کی علامت ہے، پیرس میں معرکہ حق تقریب سے خطاب، اوورسیز پاکستانیوں کیلئے حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر پنجاب، وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر برائے بین الاقوامی امور بیرسٹر امجد ملک نے پاکستان مسلم لیگ (ن) فرانس کی دعوت پر پیرس کا ہنگامی دورہ کیا تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سے ہوا، جبکہ پاکستان اور فرانس کے قومی ترانے بھی پیش کیے گئے۔

سیرتِ اولیا کاملین پر عمل پیرا ہو کر نفرتوں کا خاتمہ کرینگے، پیر کمال سلطانی

ملک میں فرقہ واریت، انتہا پسندی کے خاتمے اور تعلیمات اولیا کاملین کو فروغ دیں گے، آصف رضا قادری

کراچی (این این آئی) معروف صوفی بزرگ حضرت سیدنا عبداللہ شاہ غازی کے 1296 ویں سالانہ عرس کے موقع پر سجادہ نشین دربار سلطانی پیر کمال میاں جمیلی سلطانی، چیئرمین یونائیٹڈ مسلم فورم آصف رضا قادری، مسلم لیگ (ق) محمد صادق شیخ نے معزز شخصیات اور اراکین یونائیٹڈ مسلم فورم کے ہمراہ مزار شریف پر حاضری دیتے ہوئے پھول اور چادر پوشی کرنے کے بعد ملکی سلامتی و استحکام اور بالخصوص مظلوم فلسطینیوں کیلئے خصوصی دعائیں کرنے کے بعد میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا یہ ہم تمام عاشقان اولیا کو حضرت سیدنا عبداللہ شاہ غازی کے سالانہ عرس کی مبارکباد پیش کرتے ہیں، سیرت اولیا کاملین ہم سب کے لیے کامیابی کی ضمانت ہے، ہمیں عمل پیرا ہو کر نفرتوں کے خاتمے اور ملکی امن و استحکام کیلئے مل جل کر کام کرنا ہوگا

آئی جی آزاد کشمیر کا مظفر آباد کا دورہ، امن وامان کی صورتحال پر اظہار اطمینان

مظفر آباد (این این آئی) کمشنر مظفر آباد اور آئی جی پولیس آزاد کشمیر نے مظفر آباد کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران آئی جی پولیس نے پولیس اہلکاروں اور شہریوں سے گفتگو کی اور سیکیورٹی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آئی جی پولیس نے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی کوششوں کو سراہا۔

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے چین کے آئی بی آئی انٹرنیشنل گروپ کا وفد ملاقات کر رہا ہے، اس موقع پر چین میں پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی اور میاں زاہد حسین بھی موجود ہیں۔

جماعت اہلسنّت وفد کی سالانہ عرس پر غازی بابا مزار پر حاضری فاتحہ خوانی ودُعا

حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ برصغیر کے عظیم صوفیاء میں شمار ہوتے ہیں، سید رفیق شاہ

کراچی (این این آئی) عظیم صوفی بزرگ حضرت سیدنا عبداللہ شاہ غازیؒ کے 1296 واں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر جماعت اہل سنت پاکستان کراچی کے ایک وفد نے ناظم کراچی سید رفیق شاہ کی قیادت میں مزارِ اقدس پر حاضری دی۔ وفد کے اراکین نے مزار شریف پر فاتحہ خوانی، گل پاشی کی اور ملک وقوم کی سلامتی، استحکام، امن وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر سید رفیق شاہ نے حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ عبداللہ شاہ غازیؒ برصغیر کے عظیم اولیائے کرام میں شمار ہوتے ہیں، جن کی تعلیمات محبت، اخوت، رواداری اور دینِ اسلام کی حقیقی روح کو اجاگر کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اولیائے کرام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں امن، بھائی چارے اور اتحاد کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔

مردان، تہرے اندھے قتل کیس کا ڈراپ سین، چار ملزمان گرفتار

مردان (این این آئی) مردان میں تہرے قتل کیس میں ملوث 4 ملزمان گرفتار کر لئے گئے۔ ڈی پی او مسعود بنگش نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کا تعلق تخت بھائی سے ہے، وہ ڈکیتی کی نیت سے آئے تھے۔ ملزمان اہل خانہ کو قتل کرنے کے بعد نقدی، سونا اور موٹر کار لیکر فرار ہوئے تھے۔ مبینہ ڈاکوں نے مقتولین کے دو کمسن بچیوں کو بھی اغوا کیا تھا، جنہیں بازیاب کرایا گیا۔ مقتول کی تیسری اور مقتولہ کی دوسری شادی تھی۔

پاکستان اور کینیا کے درمیان تجارت و سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں: ہائی کمشنر کینیا

چائے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی پل قرار، پاکستانی سرمایہ کاروں کو کینیا میں سرمایہ کاری کی دعوت

لاہور (این این آئی) کینیا کے ہائی کمشنر لیفٹیننٹ جنرل (ر) پیٹر موگو نجیرو نے کہا ہے کہ پاکستان اور کینیا کے درمیان خوشگوار، دیرینہ اور مضبوط تعلقات موجود ہیں جو باہمی احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، چائے دونوں ممالک کے درمیان ایک ثقافتی پل کی حیثیت رکھتی ہے، جو پاکستان میں روزمرہ زندگی کا اہم حصہ ہے جبکہ کینیا دنیا کے بڑے اعلیٰ معیار کی کالی چائے پیدا کرنے والے ممالک میں شامل ہے

نرسنگ کونسل نے 55 کالجز کی رجسٹریشن کی منظوری دے دی

کروڑوں روپے جرمانہ کے عوض 4 غیر رجسٹرڈ کالجز کو طلبا کے بہتر مستقبل کی خاطر چار سال بعد رجسٹریشن دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل نے تشکیل نو کے بعد 55 کالجز کی رجسٹریشن کی منظوری دے دی، کروڑوں روپے جرمانہ کے عوض 4 غیر رجسٹرڈ کالجز کو طلبا کے بہتر مستقبل کی خاطر چار سال بعد رجسٹریشن دی گئی ہے۔ پاکستان نرسنگ کونسل اینڈ مڈوائفری کونسل ہیڈ آفس میں پریس کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ نرسنگ کونسل کی کہانیاں نہ ختم ہونے والی ہیں پوری رات بات کروں تو بھی ختم نہیں ہوگی، نرسنگ کونسل کے شعبے کی زبوں حالی میں انڈیا کی کوئی سازش نہیں، بلکہ ہماری اپنی کارکردگی کا فقدان ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اعداد وشمار چیخ چیخ کر صورتحال بتا رہے ہیں پاکستان میں 9 لاکھ نرسز کی ضرورت ہے جبکہ موجودہ تعداد صرف 6 ہزار ہے، پڑوسی ملک میں 6 لاکھ نرسز کام کر رہی ہیں دنیا بھر میں 25 لاکھ نرسز کی کمی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سابق صدر کی ڈگری جعلی نکلی، الیکشن بھی جعلی تھا ڈپٹی رجسٹرار کے ساتھ مل کر یہ ایک مافیا بن چکا تھا کروڑوں روپے کی ڈیمانڈ کی جارہی تھیں

پی آئی اے کا انٹرنیشنل آپریشنل اینڈ سیفٹی آڈٹ کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل ایئر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن ایاٹا نے پی آئی اے کا انٹرنیشنل آپریشنل اینڈ سیفٹی آڈٹ شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے کا انٹرنیشنل سیفٹی آڈٹ 8 جون سے 11 جون تک ہوگا۔ ایاٹا اس بار پی آئی اے کا رسک بیسڈ آڈٹ کر رہا ہے۔ ایئر لائن میں سیفٹی مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ اور عمل درآمد کا آڈٹ ہوگا۔ ایاٹا کی ٹیم پی آئی اے کے تمام شعبوں کی جانچ پڑتال کرے گی۔

سی پی او راولپنڈی کا ٹریفک ہیڈکوارٹر کا دورہ، کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہری سہولتوں کو سراہا، افسران کو قانون، دیانت اور محنت کو شعار بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) سٹی پولیس آفیسر سید خالد محمود ہمدانی نے ٹریفک ہیڈکوارٹر راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں انہیں مختلف شعبوں کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر فرحان اسلم نے سی پی او کا پرتپاک استقبال کیا اور ریڈیو اسٹیشن 88.6، غلام اصغر شہید ڈرائیونگ سکول اور پولیس ویلفیئر مرکز سمیت مختلف برانچز پر بریفنگ دی۔ سی پی او راولپنڈی نے ٹریفک پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، شہریوں کو آگاہی فراہم کرنے، لائسنس کے عمل کو آسان بنانے اور ٹریفک حادثات میں کمی کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ اس موقع پر انہوں نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوران ڈیوٹی قانون، دیانت اور نیک نیتی کو اپنا شعار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس شہریوں کی سہولت کے لیے ہر موسم میں خدمات سرانجام دے رہی ہے

پشاور: وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ علاقائی دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سمیت پنجاب بھر میں سورج آگ برسانے لگا گرمی سے شہری پریشان

لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 45 ڈگری تک جانے کا امکان ظاہر کیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور سمیت پنجاب بھر میں سورج آگ برسانے لگا جبکہ درجہ حرارت میں مسلسل اضافے کے باعث شہری شدید گرمی سے پریشان ہو گئے۔ لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 45 ڈگری تک جانے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، شہر کا موجودہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا میں نمی کا تناسب 35 فیصد تک جا پہنچا، ہوا کی رفتار 5 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی ہے۔

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل موقع پر حل کرنے کی ہدایت

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کاشف ذوالفقار نے سروس ڈیلوری کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں شہریوں کے مسائل سنے گئے اور موقع پر حل کے احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او آفس چکوال میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران مختلف درخواست دہندگان نے اپنے مسائل پیش کیے جن پر فوری کارروائی کے احکامات دیے گئے۔

چکوال اور تلہ گنگ میں بیوٹیفکیشن منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس، ترقیاتی کاموں کا جائزہ، مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے ساتھ منصوبے مکمل کرنے کا حکم

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت چھچھر بازار چکوال اور مین بازار تلہ گنگ میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فضل شیر، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فیاض ہاشمی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری تعمیراتی کاموں، درپیش مسائل اور منصوبوں کی تکمیل کی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوبصورت ماحول فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بازاروں کی خوبصورتی اور شہری سہولیات میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔

لاہور: صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل، اسلامی بینکاری و مالیات کے موضوع پر اہم آگاہی دفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری ساتھ بیٹھے ہیں۔

عمران خان کی صحت سے متعلق حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں: شفیع جان

بانی گزشتہ سات ماہ سے قید تنہائی میں، ملاقاتوں پر پابندی عائد ہے، وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات شفیع جان نے بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی ہسپتال منتقلی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے ایک بار پھر عمران خان کو رات کی تاریکی میں خفیہ طور پر ہسپتال منتقل کیا۔ اپنے بیان میں شفیع جان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی ہسپتال منتقلی سے قبل نہ اہل خانہ کو اعتماد میں لیا گیا اور نہ ہی ان کے ذاتی معالجین کو رسائی دی گئی۔

سرگودھا: سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن پنجاب سلمان غنی ضلعی دفتر پبلک پراسیکیوشن کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پولیس ٹریننگ کالج لاہور میں مبینہ بے ضابطگیاں، تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم

اگر الزامات ثابت ہوئے تو معاملہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اسلام آباد کو بھیجا جائے گا' حکام

لاہور (این این آئی) پولیس ٹریننگ کالج لاہور میں مالی بے ضابطگیوں اور مبینہ کرپشن کے الزامات پر اعلیٰ سطحی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کر دی گئی۔ حکام کے مطابق ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن شہزادہ سلطان کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ رانا معصوم کو انکوائری کمیٹی کا رکن بنایا گیا ہے۔ اندرونی آڈٹ رپورٹ میں جون 2025ء سے فروری 2026ء تک مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جس میں اکاؤنٹس، سٹاک ریکارڈ، بلز اور لیجرز مبینہ طور پر غائب پائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ٹینڈرنگ کے عمل میں مبینہ طور پر بیپرا قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں بھی سامنے آئی ہیں جبکہ پسندیدہ ٹھیکیداروں کو ٹینڈر دینے کے الزامات پر کمیٹی ذمہ داروں کا تعین کرے گی۔ ذرائع کے مطابق نئے کمانڈنٹ کی تعیناتی سے کچھ عرصہ قبل 6 کروڑ 70 لاکھ روپے کیش نکلوایا گیا جبکہ 7 ماہ قبل بھی کروڑوں روپے کی مشتبہ ٹرانزیکشن رپورٹ ہوئی جبکہ پیرا اور کسٹمز حکام کی تربیت کیلئے مختص فنڈز میں بھی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔

ظالمانہ ٹیکسوں اور مہنگی بجلی کا خاتمہ کیا جائے، کاشف چوہدری

ڈنڈے کے زور پر ٹیکس وصولی قبول نہیں، کاروباری پابندیاں ختم کی جائیں، بجٹ کو حقیقی معنوں میں تاجر اور عوام دوست بنایا جائے، مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام اور تاجر دوست بنایا جائے اور معیشت کو بحران سے نکالنے کے لیے فوری اصلاحات کی جائیں۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کاشف چوہدری نے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال شدید دباؤ کا شکار ہے اور بھاری ٹیکسوں، مہنگی بجلی، مہنگائی اور بدانتظامی نے تجارت اور صنعت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈنڈے اور طاقت کے زور پر ٹیکس وصولی قبول نہیں کی جاسکتی، جبکہ کاروباری اوقات کار پر عائد پابندیاں فوری طور پر ختم کی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مارکیٹوں کی بندش اور لاک ڈاؤن پالیسیوں نے معیشت کو نقصان پہنچایا ہے۔ کاشف چوہدری نے کہا کہ تاجر برادری پہلے ہی مختلف ٹیکسز، بجلی کے بلوں اور دیگر محصولات کی صورت میں قومی خزانے میں حصہ ڈال رہی ہے، اس کے باوجود انہیں ٹیکس چور قرار دینا غیر منصفانہ ہے۔

کراچی: میئر کراچی مرتضیٰ وہاب شاہراہ بھٹو پر ارین فاریسٹ منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں۔

اسلام آباد پولیس کا منشیات واسلحہ فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 21 ملزمان گرفتار

سنگین جرائم میں ملوث 5 اشتہاری مجرمان بھی قانون کی گرفت میں، گرفتار ملزمان سے ہیروئن، آئس اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے اسلام آباد پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں، جن کے دوران متعدد جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پولیس نے مختلف تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کرتے ہوئے 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا ہے جن میں 5 مجرمان اشتہاری بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 248,1 گرام ہیروئن، 267,1 گرام آئس، 15 بوتل شراب اور مختلف بور کے 7 پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے ہیں۔ تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق کارروائیوں کا مقصد شہر میں منشیات فروشی، غیر قانونی اسلحہ اور جرائم پیشہ سرگرمیوں کا خاتمہ ہے۔ پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر 15 ہیلپ لائن پر دیں۔

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سی ایس ایس امتحان میں نمایاں کام منتخب ہونے والی ڈاکٹر عائشہ آصف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

اشتہاری مجرمان اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی ہدایت

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت کرائم میٹنگ، سیکورٹی صورتحال کا جائزہ، شہریوں کے مسائل فوری حل کیلئے کھلی کچہریوں کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں شہر کی مجموعی سیکورٹی صورتحال اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ڈی آئی جی اسلام آباد، ایس ایچ او اور تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ اشتہاری مجرمان، منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں اور فعال جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جس تھانے کی حدود میں واردات ہوگی اس کی ذمہ داری متعلقہ ایس ایچ او پر عائد ہوگی۔ انہوں نے تفتیشی عمل میں میرٹ، شفافیت اور پیشہ ورانہ معیار کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پولیس شہریوں کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

محرم الحرام کے سیکورٹی انتظامات سخت کرنے کا فیصلہ، اہم اجلاس منعقد

جلوسوں اور مجالس کے فول پروف سیکورٹی پلان پر تفصیلی غور، تمام اداروں سے مکمل تعاون یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) محرم الحرام کے دوران سیکورٹی انتظامات کو مؤثر اور فول پروف بنانے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکورٹی، انتظامی اور کمیونٹی نمائندگان نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں اے ڈی سی جی اسلام آباد، ایس ایس پی سیکورٹی، ایس پی ہیڈکوارٹرز، زونل ایس پیز، جلوسوں کے منتظمین، سالاروں اور امن کمیٹی کے اراکین شریک ہوئے۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران جلوسوں اور مجالس کی سیکورٹی، روٹس کی نگرانی، ٹریفک مینجمنٹ، داخلی و خارجی راستوں کی چیکنگ، روٹ کلیئرنس اور بین الادارہ جاتی رابطہ کاری پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن شعبہ گرافک ڈیزائن کے زیر اہتمام گریجویٹ تھیسز نمائش 2026ء میں طلبہ کے فن پارے دیکھ رہے ہیں۔

راولپنڈی پولیس کا سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کے خلاف کریک ڈاؤن

دو مختلف گینگز کے چار ملزمان گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت پیش کیا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے دوران راولپنڈی پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو مختلف گینگز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چار افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین رکنی گینگ کو گرفتار کیا، جن کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور 30 ہزار روپے نقدی برآمد ہوئی۔ اسی طرح پیرودھائی پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی واردات میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا، جس کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا اور مزید تفتیش جاری ہے۔

ڈی سی آفس گجرات میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صباسحر کے تبادلے کے موقع پر الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا

صباسحر نے ضلعی انتظامیہ کے مختلف اہم امور میں مؤثر کردار ادا کیا اور اپنی ذمہ داریاں انتہائی احسن انداز میں نبھائیں

گجرات (محمد شہباز گولڑوی سے) ڈپٹی کمشنر گجرات نورالعین کی زیر صدارت ڈی سی آفس گجرات میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صباسحر کے تبادلے کے موقع پر الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نورالعین نے اے ڈی سی جی صباسحر کو شیلڈ پیش کی اور ضلع گجرات میں ان کی دورانِ تعیناتی بہترین خدمات، پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ صبا سحر نے ضلعی انتظامیہ کے مختلف اہم امور میں مؤثر کردار ادا کیا اور اپنی ذمہ داریاں انتہائی احسن انداز میں نبھائیں۔ اے ڈی سی جی صبا سحر کی قیادت میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی وطن واپسی کے عمل میں نمایاں پیش رفت ہوئی اور نادرا، پولیس، ایف آئی اے سمیت متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کے ذریعے اکتوبر 2025 سے اب تک تقریباً 1600 افغان شہریوں کی واپسی ممکن بنائی گئی۔ انہوں نے قیمتوں کے کنٹرول، این او سیز کے اجرا، عیدالفطر، عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے انتظامات سمیت مختلف انتظامی امور میں بھی نمایاں خدمات انجام دیں۔ نورالعین نے صباسحر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ضلع وہاڑی میں بھی اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے عوامی خدمت اور انتظامی امور میں نمایاں کردار ادا کریں گی۔ صباسحر نے ضلع گجرات میں اپنی تعیناتی کے دوران تعاون پر ڈپٹی کمشنر، افسران اور تمام متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو وقاص صفدر سکندری، اسسٹنٹ کمشنر گجرات عبدالقدیر زرکون، اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر سعدیہ ڈوگر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

اسلام آباد میں 177 جلوسوں 929 مجالس پر 15 ہزار سے زائد پولیس، رینجرز فرائض سرانجام دیں گے

تمام جلوسوں اور مجالس کی نگرانی کے لئے سیف سٹی میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا

(بیورو چیف اسلام آباد محمد شہباز گولڑوی) اسلام آباد میں 177 جلوسوں 929 مجالس پر 15 ہزار سے زائد پولیس، رینجرز فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام جلوسوں اور مجالس کی نگرانی کے لئے سیف سٹی میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی تمام سیکورٹی ڈیوٹیز پر تعینات ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے یکم محرم سے 19 صفر تک کے لیے سیکورٹی انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ اس سلسلے میں اسلام آباد میں 177 جلوسوں اور 929 مجالس کے لیے 15 ہزار سے زائد پولیس اور رینجرز کے افسران و جوان اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام جلوسوں اور مجالس کی نگرانی کے لیے سیف سٹی میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی تمام سیکورٹی انتظامات کی خود نگرانی کر رہے ہیں، جبکہ اسلام آباد پولیس کے تمام ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز اور اے آئی جیز سیکورٹی ڈیوٹیز پر تعینات ہیں۔ جلوسوں اور مجالس کی ڈیوٹیز چیک کرنے کے لیے 10 ویجیلینس ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔ مزید برآں، ضلع بھر میں روزانہ کی بنیاد پر سرچ آپریشنز کیے جا رہے ہیں۔ جلوسوں اور مجالس کی نگرانی 3 ہزار سے زائد کیمروں اور ڈرونز کے ذریعے بھی کی جا رہی ہے۔ کسی بھی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے کوئیک ریسپانس ٹیمیں ہمہ وقت الرٹ ہیں، جبکہ جلوسوں اور مجالس کے علاقوں میں سینٹیل پٹرول یونٹ کے دستے گشت پر تعینات رہیں گے۔ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے 500 سے زائد ٹریفک افسران تعینات ہیں۔ آپریشنز، سیکورٹی، ٹریفک، سی ٹی ڈی، لاجسٹکس اور سپیشل برانچ سمیت تمام ادارے باہمی کوآرڈی نیشن کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں اور رضا کاروں کو خصوصی بریفنگ اور ٹریننگ سیشنز بھی کروائے گئے ہیں۔ لیڈیز کی مجالس اور جلوسوں میں چیکنگ کے لیے لیڈیز دستے تعینات ہیں۔ تمام ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز اور ایس پیز روزانہ کی بنیاد پر امام بارگاہوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ جلوسوں اور مجالس کے لیے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی پارکنگ کا الگ نظام بھی وضع کیا گیا ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ محرم الحرام کے دوران پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں شہری پکار 15- پر اطلاع دیں۔

مورو پولیس مبینہ طور پر جرائم پیشہ افراد کے ساتھ مقابلہ۔ ایک مجرم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا

زخمی کو تعلقہ ہسپتال مورو لے جایا گیا جہاں اسے طبی امداد دی گئی

ڈیوٹی ڈاکٹر نے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے نواب شاہ کے ہسپتال منتقل کر دیا۔

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو پولیس مبینہ طور پر جرائم پیشہ افراد کے ساتھ مقابلہ۔ ایک مجرم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ زخمی کو تعلقہ ہسپتال مورو لے جایا گیا جہاں اسے طبی امداد دی گئی۔ پولیس نے ملزم سے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ مبینہ مقابلے میں پولیس نے کنڈیارو کے گاؤں ہبی خان خاصخیلی کے رہائشی عنایت ولد عالم خاصخیلی کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اس سے غیر قانونی پستول برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تعلقہ ہسپتال مورو میں موجود ایس ایچ او مورو علی اکبر کھوکھر نے میڈیا کو بتایا کہ جرائم پیشہ افراد درس بائی پاس ریلوے پھاٹک کے قریب واردات کی منصوبہ بندی کر رہے تھے کہ گشت کے دوران اچانک مجرموں کا مورو پولیس سے سامنا ہو گیا جس میں ایک مجرم عنایت خاصخیلی اپنے ساتھیوں کی گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔ اسے زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا اور اس کے قبضے سے ایک غیر قانونی پستول برآمد ہوا۔ ادھر زخمی مجرم کے دو ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے۔ تاہم رات کی تاریکی کے باعث مورو پولیس کا کوئی اہلکار زخمی نہیں ہوا۔ زخمی مجرم کا مزید جرائم کا ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب تعلقہ ہسپتال مورو میں سہولیات کے فقدان کے باعث زخمی م